یہ الگ بات کہ گنوائے گئے ہاتھ اپنے ۔ ہم تو اس بات پہ خوش ہیں کہ اُسے چھو آئے

با سلام و تحیت —

[illegible] مطلع فرمایند [illegible] [illegible] حال [illegible]

دوستدار [illegible]

25.4.84

[illegible]

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Phone: ~~522350~~ 061/9210040

Govt. College of Education Multan.

Ref No. ______________ Dated: دسمبر

محترمی جناب محمد اسلم رسول پوری!

تسلیمات

آپ کا بھیجا ہوا تحفہ مل گیا۔ آپ کی خصوصی [illegible] کا شکریہ

دیر سے جواب دینے کی معذرت

مناسب فوری طور پر اپنے سرائیکی تحقیقی و تنقیدی مضامین کا مجموعہ تیار کر کے مجھے ارسال کر دیں۔ سرائیکی ادبی بورڈ اسے شائع کر کے خوشی محسوس کرے گا۔ میں منتظر رہوں

خیر اندیش

طاہر تونسوی

پرنسپل

محترمی السلام علیکم [illegible] صاحب زاد عنایتکم

آپ کا والا نامہ ملا ساتھ ہی آپ کی مطبوعہ کتاب Kafas روانہ کرنے کا شکریہ۔ ہدیہ قبول فرمائیں۔ باقی کا پتہ ہی نہیں چل رہا ہے۔ بہر حال [illegible] ہوں تو آپ نے علی حیدر کے دو مجموعوں اور ملک کی زندگی اور فکر و فن پر کام کرنے کا وعدہ کیا تھا ہم منتظر رہیں کہ آپ اس طرف بھی توجہ دیں گے اور وعدہ وفا فرمائیں گے

فقط
نیاز کیش

1/1/۲۰۰۳

حمید ناضر

ملیر سٹی۔ کراچی
۲۹ جنوری، ۲۰۰۷ء

بعشرفِ نظر محمد اسلم رسول پوری ایڈووکیٹ صاحب

السلام علیکم

امید ہے مزاجِ گرامی بخیر ہوگا۔ آپ کا خط گزشتہ دنوں ملا ہے۔ اِسے پڑھ کر بے حد خوشی ہوئی کہ ہمارے درمیان آپ جیسے اہلِ فکر و نظر بھی موجود ہیں۔ میرا مقالہ 'برصغیر میں سرائیکی تہذیب' نو(۹) سال قبل شائع ہوا تھا۔ اِس مقالے کا ذکر آپ اپنے خط میں کر چکے ہیں۔ اب میرے پاس اِس کی ایسی کوئی کاپی بھی نہیں ہے جو میں آپ کی خدمت میں پیش کروں، البتہ کوشش کروں گا کہ اِس مقالے کی کہیں سے ایک کاپی حاصل کر کے آپ کی نذر کر سکوں۔ آپ نے یہ مقالہ طلب نہیں کیا لیکن مجھے اِس بات کا احساس ہے۔

'برصغیر میں سرائیکی تہذیب' میں شریک ایک آخری صفحہ منسلک کر رہا ہوں۔ اِس میں سرائیکیوں پر آئندہ لکھی جانے والی کتابوں کے موضوعات بعنوان 'برصغیر میں سرائیکی تہذیب: بیس جلدوں میں، ہمارے موضوعات' درج ہیں۔ اِن کے مطالعے سے میرے کام کی نوعیت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ میں نے اِسی طرح ملک میں مختلف تہذیبوں پر کام کرنے کی کوشش کی ہے۔ اپنے کام کی کس قسم کی تفصیل لکھوں؟ آگاہ کیجئے!

آپ کی علم دوستی کا شکر گزار ہوں۔ اجازت دیجئے۔

۲۹/۱ حمید ناضر

تصانیف:

وادیٔ ملیر
وادیٔ لیاری
ابنِ حسن قیصر (سوانح)
برصغیر میں مہاجر تہذیب (مقالہ)
برصغیر میں سرائیکی تہذیب (مقالہ)
حریف (منظومات)
وادیٔ اورنگی
تاریخ کراچی
آثارِ قدیمہ: سندھ میں
: بلوچستان میں
: پنجاب میں
: سرحد میں
تاریخ برطانیہ
حسنِ مشرق: پاکستان
MALIR DISTRICT GAZETTEER

'ناضر' عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا مطلب ہے 'تر و تازہ'۔ یہ 'ن۔ ا۔ ض۔ ر' ان چار حروف کا مرکب ہے۔ یہ 'ناضر' لفظ 'ناظر' کا ہم آواز ہے۔ اردو میں بہت سے ہم آواز لفظ ہیں، لیکن ان کی شکل اور معنی مختلف۔ لفظ 'ناضر' اردو/سندھی کی کسی لغت میں نہیں ملتا۔ امید ہے اسے آئندہ درج کر لیا جائے گا اور قارئین بھی یہ نام لکھتے وقت 'ض' کا نقطہ گم نہیں کریں گے۔

4516924

۲۸۱/۱۷ چنائی گراؤنڈ، ملیر۔ کراچی ۷۵۰۵۰ - رابطہ [redacted]

اسلام آباد
27.12.92

جناب اسلم رسولپوری صاحب! آداب

میں خوشی محسوس کر رہا ہوں کہ بھائی رحیم طلب جی کی وساطت سے آپ سے مخاطب ہوں۔ آپ کی بے پناہ مصروفیات کا علم ہوتے ہوئے بھی آپ سے چند لمحے لے رہا ہوں۔ اس خط کے ہمراہ اپنا سرائیکی ماہئیکو پر مشتمل شعری مجموعہ "پندھ" بھیج رہا ہوں۔

قبول فرمانے کی صورت میں اگر اطلاع دے سکیں تو کہیں زیادہ خوشی ہوگی۔

میں پاکستان ٹیلی ویژن کے اسلام آباد ٹی وی سنٹر پر پی آر او ہوں۔ کوئی حکم ہیکر لائق سرکار۔

جناب اسلم رسولپوری صاحب
ایڈووکیٹ جام پور
ضلع راجن پور

آپکا مخلص
اصغر عابد

گھر کا پتہ :- اصغر عابد مکان نمبر 17، گلی نمبر 84
سیکٹر جی سکس ون ون، اسلام آباد

7.5.92

عزیز محترم اسلم رسولپوری صاحب

سلام مسنون۔ امید ہے آپ بخیریت ہونگے۔

کافی عرصہ سے مجھے مختلف احباب کے ذریعے یہ اطلاعات موصول ہو رہی تھیں کہ میری کتاب "اصر کہانی" پہ ایک تند و تلخ مضمون تیار ہو رہا ہے۔ اور جس کی تیاری میں اسلم رسولپوری۔ منظر عارف۔ ارشاد تونسوی۔ احسن واگھا وغیرہ کسی نہ کسی انداز میں شامل ہیں جو کہ ان میں سے کسی کے نام (سوائے اسلم رسولپوری) سے شائع ہوگا۔ جو چند دن پیشتر سہ ماہی سرائیکی بہاولپور میں ارشاد تونسوی کے نام سے شائع ہوا ہے۔ جس کے بیشتر مندرجات میں آپ کی زبانی۔ براہ راست یا بالواسطہ طور پر سن چکا تھا۔ (سوائے انتہائی ذاتی کردار کشی کے جملوں کے)۔ ویسے بھی اس پورے مضمون میں تنقید کی بجائے تنقیص کا رجحان غالب ہے۔ اور مندرجات کتاب کے تاریخی و ادبی جائزے کی بجائے صاحب کتاب کی ذات کو نشانہ بنا کے اسکی ذاتی شخصیت کو مسخ کرنے کی اپنی سی کوشش کی گئی ہے ـــ!

اس سے پہلے آپ کا ایک مختصر سا مضمون۔ مسرت کلانچوی کی کتاب "ڈکھن کنیں دیاں والیاں" کے بارے میں شائع ہوا۔ جسے باہتمام خصوصی چار پانچ رسالوں۔ اخباروں میں بالتواتر چھپوایا جا رہا ہے۔ اس مختصر سے مضمون میں آپنے افسانہ "دوجا مسافر" (ایسے ایک دو افسانے ضمناً اور بھی ہیں) کو خصوصی اہمیت دی ہے اور بار بار اسکی پسندیدگی کا اظہار کیا گیا ہے۔ اس افسانہ کا بنیادی کردار (عبدوشا) کا نام اسماعیل ہے اور سرائیکی قارئین اس کی خصوصی طنز کو بخوبی سمجھتے ہیں اور شاید آپ کے دل کو بھی یہی ادا بھا گئی ہے ـــ!

میری پہلی اور تیسری کتاب

ابھیجل آپ [illegible] میں تونسوی [illegible]

(۲)

انہیں ملا ہے۔ لیکن میں حق بجقرار رہیں سمجھتا ہوں۔ امرکہانی
میں لوک سانجھ اور سانجھوں کا خاصا ذکر ہے۔ جتنا کہ
۱۶۰ [illegible] صفحات کی کتاب میں ہو سکتا ہے۔ اگر "اسعدن منگلہ کورائی" کا ذکر
نہیں ہوا یا سہواً رہ گیا ہے (اس کا ذکر دوسری کسی کتاب میں ہوا ہو)
یا کوئی ایک آدھ اور چیز کسی کی ذاتی پسند و ناپسند کے علی الرغم آ
گئی ہے تو وہ میری شخصی بلکہ انتہائی ذاتی حیثیت کو مجروح کرنے یا آڑے سے رہ گیا ہے
کا جواز کیسے بنتی ہے؟ عدل اور غیر جانبداری تو رہے ایک طرف۔ صرف
توازن بھی برقرار نہیں رکھا جا سکا۔ کیا اب امرکہانی والے
مضمون کی بھی تکرار سہ کرر وغیرہ اشاعت کا بندوبست کیا جائیگا۔

میرے عنصری تقدم کے باوجود آپ اور میں سرائیکی ادبی تحریک
میں شانہ بہ شانہ رہے ہیں۔ آپ نے میری کتاب بہت دیدہ زیب
کو شائع کرا کے اسے متعارف کرانے میں خاصی محنت کی تھی۔ میری
عمر کی دو کتابوں سے اپنے جزوی اختلاف اور ذہنی تحفظات
کے باوجود انہیں گوارا کیا۔ اور اسی طرح میں نے بھی اپنی کتابوں
اور متعلقہ مضامین میں آپ کے ادبی مقام و مرتبہ اور تحریک
کیلئے خدمات نمایاں Contribution کو جا بجا سراہا ہے —— لیکن
اب خدا جانے میں کیوں۔ تونسوی یوں۔ لوک سانجھوں —؟ اور
تیرھویں لسنیدوں [illegible] کے تنقیدی فوکس FOCUS میں آ گیا ہوں۔ حالانکہ میرا
ان سے کوئی زیادہ [illegible] اختلاف بھی نہیں
آپ کو بخوبی علم ہے کہ میں گزشتہ سال دو سال سے ادبی
سرگرمیوں سے کنارہ کشی اختیار کرتا جا رہا ہوں چونکہ میں وقت
کا تقاضا سمجھتا ہوں اور اسے بروقت اور صحیح اقدام تصور
کرتا ہوں — لیکن بات سمجھ نہیں آتی کہ اس صورت حال
میں بھی مجھے "آخری دھکا" لگانے کی کیا ضرورت پیش آئی اور
خصوصاً جب کہ کسی اور کے آگے بڑھنے میں
بھی رکاوٹ نہیں ہوں۔ ~~[illegible]~~ میں کس طور
اپنے اتنے مخلص اور بڑے ادبی کیریئر کے اختتام
~~[illegible]~~۔
پہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ اور کیوں ہو رہا ہے!؟
آخر کب سے یہ

اور تو جسے چاہے عزت دے
Malik Mohammad Aslam Metla
ADDL. DISST. & SESSION JUDGE

Ph. : ....
104-X PEOPLES COLONY
KHANEWAL
115/10-R JAHANIAN
Distt. Khanewal

Ref. No.................. Dated 1.11.2000

عزیز القدر محمد اسلم سہولیوری صاحب طول عمرہ۔

السلام علیکم۔ خیریت طرفین نیک مطلوب۔

تاخیر سے جوابی رابطہ کے لئے معذرت خواہ ہوں۔

دراصل بقول شاعر۔

تجھ سے بھی دلفریب ہیں غم روزگار کے۔

"سزائے موت کیوں؟" کی اشاعت پر مشکور ہوں۔ اس لئے نہیں کہ میں بھی اس کا ایک کردار ہوں۔ (شاید یہ موبیدار کی زندگی ہوتی اور میں بھی عمر بھر فراموش نہ کروں) بلکہ اس لئے کہ میری تمام تر کوتاہیوں کے باوجود آپ نے مجھے اس قابل سمجھا کہ اشرف المخلوق خدا کی آخری سانس تک کی غیر فطری عمل سے حفاظت کے لئے آپ کی پر عزم مساعی اور جہد مسلسل

کا احاطہ کرنے کا ادراک رکھتا ہوں۔ حالانکہ من
آنم کہ من دانم۔ استحصالات کی زنجیروں میں جکڑے نظام میں
بیشک ایک پرزہ ہونے کی حیثیت سے اس امر کا اعتراف
نہ بھی کروں تو یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ
آپ کی تصنیف کا موضوع "المیہ" ہے دیگر مسند نشین
ساتھیوں کی طرح مجھ سے بھی سرزد ہوتے رہتے ہیں۔
یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ اس نظام میں حقوقِ انسانی
کے سیاہ علمبرداروں کے ہاتھوں موت کے بلکہ سزائے موت
کے ظالمانہ شکنجے میں جکڑے ہوئے اجمل کانسی کو میں
اور آپ جو کہ انسانی حقوق کے لئے کام کرنے والی تنظیموں
سمیت کوئی بھی بچانے کی قدرت نہیں رکھتا۔
بلکہ جس طرح کہ آپ نے مسلسل عمل سے تقریباً اثر انداز
ہو جاتی ہے اسی طرح آپ جیسے مفکرین، دانشوروں
اور حقوقِ انسانی کے تحفظ میں سرگرمِ عمل تنظیموں کی "سزائے موت" کو
روکنے کی مساعی نارسا کے نتیجہ خیز ہونے کے امکان کو بھی رد نہیں
کیا جا سکتا۔ تاہم قیامت کی طرح اس دن کا تعین بھی ممکن نہیں۔ باقی
بوقتِ ملاقات۔ احباب کو سلام مجھ ناکارہ سا۔ فقط والسلام دعاگو

Mob-0343-7582486

~~Mob:0301-7847524~~
PP 0606-400050

سہ ماہی
نیا قدم انٹرنیشنل (اردو، سرائیکی)

سرپرست ڈاکٹر خیال امروہوی
مدیر جسارت خیالی

حوالہ نمبر ______
تاریخ ۲ نومبر ۲۰۰۸ء

محترم جناب مسلم رسول چوہدری صاحب۔

آداب!

شمارہ "فردا" ارسال خدمت ہے امید ہے اپنے گراں قدر تاثرات سے ضرور نوازیں گے خدا آپ کو سلامت با کرامت رکھے۔ تمام اہل قلم احباب کی خدمت میں پرخلوص سلام

خیر اندیش
جسارت خیالی

نوٹ! سرائیکی کے نامور دانشور اور انقلابی شاعر اقبال سوکڑی پر خاکساری کی کتاب بھی جلد منظر عام پر آ رہی ہے دعا فرمائیں۔

ادارہ سہ ماہی نیا قدم انٹرنیشنل پہاڑپور ضلع لیہ (پنجاب) پاکستان PC.31650

محترم مشفیق محمد اسلم رسول پوری صاحب

تسلیمات ۔

سرائیکی دانش تے ادب دے بارے تہاڈے کنوں رہنمائی گھنݨ میڈے کیتے خوشی دا سبب ہوندی ہے ۔ کتابی دی مختلف شکلاں دے معاملے وچ میکوں گاہنݨ مستجید ملتانی دے دیوان توں استفادہ کرݨ دا شوق ہے ۔ اگر تہاڈے کول ہووے تاں پارسل کر ڈیوو میں فوٹو سٹیٹ کرا تے فورا تہاکوں ولا بھیج ڈیساں ۔ تساں پہلے وی میڈی رہنمائی کیتی ہے ۔ میں تہاڈا تھوریت ہاں ۔

والسلام

تہاڈا

رشید عثمانی

20-10-07 ڈیپور

اگر فوٹو سٹیٹ دا خرچہ ڈس ڈیوو

تاں بعد بھیج ڈیواں

0302-7763361

محترم جناب اسلم رسولپوری صاحب

السلام علیکم۔ امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

بہت دنوں سے آپ سے کسی بھی ذریعہ سے رابطہ نہ ہو سکا۔ ورکشاپوں میں بھی آپ سے ملاقات نہ ہو سکی۔ بہر حال آپ کی خیریت مطلوب ہے۔ رات اپنا اگلا پچھلا تصویری ریکارڈ ترتیب دے رہا تھا تو آپ کی اور آپکی صاحبزادیوں کی تصاویر نکلیں۔ لہٰذہ میں نے سوچا کہ آپ سے اسی بہانے خط کے ذریعہ رابطہ ہو جائے گا اور شکریہ کے جواب میں آپکی خیریت موصول ہو جائے گی۔ سب کو سلام۔

امید ہے جواب ضرور دیں گے۔

مزید سب خیریت ہے۔

انشاء اللہ پھر کبھی تفصیلی خط لکھوں گا۔

خدا حافظ

آصف اشرف خان
D-9 اسٹاف کالونی پی ایم سی ہسپتال
نواب شاہ۔

باسمہ سبحانہ

برادرم محترم جناب محمد اسلم رسول پوری صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ خیریت طرفین۔
اپنے داماد عزیزم عزیز الرحمن کی وساطت سے تین
کتابیں بھیج رہا ہوں۔ قبول فرمائیں گے۔

۱۔ "جہانِ حسن"۔ جوش ملیح آبادی کی ایک خوبصورت
نظم سے متاثر ہو کر اسی کی زمین میں ایک طویل نعت
لکھی ہے۔ اس کا تنقیدی مطالعہ کریں اگر اس میں
کوئی خامی یا بھول محسوس کریں تو نشان دہی
کر دیں تاکہ اگلے ایڈیشن اس کی اصلاح ہو سکے۔
نوازش ہوگی۔

2۔ "ہر ملک ملک ما است"۔ عبد العزیز خالد
نے ایک جھوٹی حدیث کو صحیح سمجھتے ہوئے ایک طویل
مضمون لکھا تھا جس میں انھوں نے اسلامی نظریۂ
وطنیت وقومیت کی مخالفت کی اور نام لیے بغیر
دبے لفظوں میں علامہ اقبال کے نظریے کی بھی
تردید کی تھی۔ میں نے اس کی تردید میں یہ کتابچہ لکھا
ہے اور اس جھوٹی حدیث کی حیثیت واضح کی
ہے لہذا اس کی بنا پر لکھا جانے والا مضمون کسی
طرح صحیح نہیں ہو سکتا۔

3۔ "عید کی تقریر" میں ایک مخلصانہ تجویز پیش

کی ہے کہ علمائے کرام عید کی نماز سنت طریقے
سے ادا کریں ۔

آپ کی تین عدد کتابیں موصول ہو گئی ہیں
اس عنایت کا بے حد شکریہ ۔

والسلام
آپ کا خیر اندیش
منظور احمد آفاقی

16 ۔ فروری 2014ء
موبائل نمبر 0337-7291617
نوتک حمید تحصیل کوٹ چھٹہ
ضلع ڈیرہ غازی خان

حمید اُلفت ملغانی
ایم۔اے (لائبریری سائنس)
ایم۔اے (سرائیکی)

☎ Off:0694-413763
Res:0694-~~440083~~
0606-412119
0334-6944819

لائبریرین
گورنمنٹ کالج لیہ

تاریخ 24-8-06

محترمی و مکرمی صاحب مسعود اسلم رسولپوری!

السلام علیکم! آپ کی ارسال کردہ کتاب "لسانی مضامین" موصول ہو گئی ہے۔ بے حد شکریہ۔ کتاب میں سرائیکی کے ساتھ ساتھ دیگر زبانوں خصوصاً بروشسکی کے بارے میں مواد شامل کرنے سے "ایم فل پاکستانی زبانیں و ادب" کے Students کو بھی فائدہ ہوگا۔

میں نے "ایم فل پاکستانی زبانیں و ادب" کی تیاری کے سلسلہ میں کافی مواد اکٹھا کیا تھا۔ جسے تحقیقی طور پر تیار کر کے کتابی شکل دے دی تھی۔ اور یہ کتاب بعنوان "پاکستانی زبانوں کا ادب" بیکن بکس ملتان کے پاس زیرِ اشاعت ہے۔ تین سو سے زائد صفحات کی اس کتاب میں پاکستانی زبانوں کے اشتراک کے

علاوہ براہوئی، بلوچی، پشتو، پنجابی، سرائیکی، سندھی اور شمالی علاقہ جات کی زبانیں الگ الگ باب میں شامل کی گئی ہیں۔ پروف ریڈنگ کے بعد کتاب میں نے دس پندرہ یوم پہلے ناشر تک پہنچا دی تھی۔ اس میں بھی شمالی علاقہ جات کی زبانوں میں بروشسکی اور دیگر زبانیں شامل ہیں۔ آپ کی کتاب اگر پہلے آ جاتی تو میں کہیں حوالہ دے دیتا۔ اب بھی اگر موقع میسر ہوا تو میں کہیں ذکر کر دوں۔ ورنہ طبع ثانی کے لیے تو درست ہے ہی۔ بہرحال کتاب روانہ کرنے کا ایک بار پھر شکریہ۔

برادرم فاروق ارشد کو خصوصی سلام۔ امتیاز زیدی اور دیگر احباب کو بھی ڈھیروں سلام

مخلص

[illegible]

حمید الفت ملغانی

از نورپور تھل

محترم جناب محمد اکرم صاحب

A/16 5/81

السلام علیکم ۔ کافی مدت کے بعد عریضہ تحریر کر رہا ہوں ۔ امید ہے آپ بخیریت ہوں گے ۔ رسالہ سینا کو مدت ہوا کوئی خبر نہیں ایک دفعہ جناب ابن تیمیدی صاحب کا خط ملا اور تحریر تھا کہ بند کر دیا گیا ہے ۔ مگر وجہ معلوم نہ ہو سکی ۔ بہرحال اس کے بند ہونے کا بہت افسوس ہے ۔ دوسرے لکھاریوں اور شاعروں سے تعارف ہو جاتا تھا ۔ امید ہے آپ اس پر روشنی ڈالیں گے ۔

اس کے علاوہ کوئی سرائیکی رسالہ شائع ہو رہا ہو تو پتہ تحریر فرما دیں مشکور ہوں گا ۔ یا نمونہ بھجوا سکیں تو مہربانی !

ایک خاص فرمائش کے تحت میں قصہ سسی اور پنوں لکھ رہا ہوں ۔ مگر افسوس کہ مجھے مکمل سٹوری دستیاب نہ ہو سکی ۔ اگر چند کتابیں ملیں تو میرا مطلب حل ہو سکے ۔ مندرجہ ذیل معلومات سے آگاہ فرما سکیں تو بندہ بے حد مشکور ہوگا

1۔ سسی اور پنوں کا قصہ کس دور کا ہے ۔ یعنی کتنی مدت گزر چکی ہے ۔

2۔ پنوں کے کتنے بھائی تھے اور ان کے نام

3۔ پنوں کو واپس لانے کے لئے کتنے آدمی گئے اور ان کے نام جن میں بھاول بھی شامل تھے

4۔ بھنبور اور کیچ کا درمیانی فاصلہ

5۔ سسی کی قبر ہے ؟ تو کہاں ہے اس آبادی کا نام اور وہ بھنبور سے کتنا دور ہے

6۔ سسی جس دن پنوں کے پیچھے روانہ ہوئی اسی دن پہنچی مرگئی یا دوسرے دن

7۔ پنوں کی قبر ہے ؟ کہاں اور وہاں کی آبادی کا نام یا دونوں قبریں اکٹھی ہیں
اگر جدا جدا ہیں تو فاصلہ

8۔ اونٹوں کا قافلہ جو پہلے بھنبور گیا اور لڑکی باغ اجاڑنے پر گرفتار ہوئے جن میں بھاول تھے یہ لوگ بھنبور سے آگے کیا نوشکی جانا چاہتے تھے

9۔ سسی پیاس کی وجہ سے مرگئی یا عیاں کی بدنظر اور سسی کا دعا مانگنا دیے سے کونسی بات ٹھیک ہے

اب بھی ایسی کتاب نثر یا نظم میں ہو گی جن سے یہ مقصد حاصل ہو جائے تو مجھے دی ۔ یا
بھجوا دیں یا اگر آپ کے پاس ہو تو مطالعہ کے بعد واپس کر دوں گا ۔ اور فریدکوٹ بھی اگر

شکریہ!

قصہ سسی پنوں تقریباً تیار ہے ۔ بطرز ڈرامہ درمیانی نثر میں نے سرائیکی میں لکھی ہے جو مکمل ہونے پر آپ کو بھیجنا چاہتا ہوں ۔ آپ مہربانی کر کے اصلاح فرما دیں ۔ کتاب کا دایاں صفحہ لکھا گیا ہے اور اصلاح کے لئے بایاں صفحہ خالی چھوڑ دیا گیا ہے ۔ آپ کی اصلاح کے بعد چھپواؤں گا ۔

امید ہے آپ میری ضرور امداد کریں گے

اپنی سمجھ کے مطابق اچھے دوہڑے لکھے ہیں ۔ امید ہے آپ پسند فرمائیں گے
سسی جب پنوں کے عشق میں بیقرار ہو گئی تو سہیلیاں اسے صبر
کا مشورہ دیتی ہیں ۔ ایک دوہڑہ بطور نمونہ !

سنگ کو سنگ نہ رلیئے سہیئے جنگے ہوندے سنگ کو سنگ نہیں
مٹھا سنگ دے نال نہ ماریئے سسی ہوندا کچے سنگ دا سنگ نہیں
تھوڑی سنگ کلنگ کرا لوے لیھے سنگ دتے کو سنگ نہیں
سنگ چھوڑ خدا دا تل سنگ گولیسیں گری سنگدل تیڈے سنگ نہیں

آپ کے جواب کا بڑی بے چینی سے انتظار کروں گا ۔

آپ کا

حاجی احمد خاں ۔ سینئر ہیڈ ماسٹر
نور پور تھل ۔ تحصیل خوشاب
ضلع سرگودھا

سرائیکی ادبی بورڈ ● ملتان

ڈاکٹر طاہر تونسوی
سیکرٹری جنرل (اعزازی)

دفتر العائشہ غالب سٹریٹ
غفاریہ کالونی بوسن روڈ ملتان
☎ 521456

حوالہ نمبر 3

تاریخ ۲ نومبر

سئیں محمد اسلم رسولپوری صاحب

سلامت! آپ جانتے ہیں کہ حال ہی میں سرائیکی ادبی بورڈ ملتان نے تحسین سبائے والوی کا افسانوی مجموعہ شائع کیا ہے اس سلسلے میں سرائیکی افسانے کے آغاز کے بارے میں بہت کم لکھا گیا ہے۔ مجھ سمیت چند دوستوں کا خیال ہے کہ مخدوم حسن ہمیر رانی سرائیکی کے پہلے افسانہ نگار تھے جبکہ چند لوگ تحسین سبائے والوی کو پہلا افسانہ نگار قرار دیتے ہیں میری خواہش ہے کہ آپ اس مسئلے پر اپنی گرانقدر رائے سے نوازیں تاکہ تحقیق کی روشنی میں یہ طے کیا جائے کہ سرائیکی کا پہلا افسانہ نگار کون ہے مخدوم حسن ہمیر رانی، تحسین سبائے والوی یا اور کوئی افسانہ نگار

جس نے ان کے پیچھے اُف نہ کی ہو۔ آپ کی صائب رائے کا منتظر ہوں۔ اُمید ہے آپ اس جانب خصوصی توجہ دیں گے۔ میں اردو سرائیکی ادب آپ کا احسان مند رہے گا۔

خیر اندیش

طاہر تونسوی

بحوالہ اول

مانچسٹر

سنیچر 11.5.96

عزیز محترم محمد اسلم صاحب

تسلیم خوش رہو۔ ابھی صبح نو بجے روانہ ہو کے شام چھ بجے مانچسٹر پہنچ
گئے۔ ایک دن کے آرام کے بعد۔ بانو جو اور ملاوہ کے ساتھ
سالار مونا کی آمد کی مبارک کیلئے کراچی چلے گئے۔

ڈاکٹر محمد خان جمیرہ کے قریب ~~[illegible]~~ اپنا نیا بنگلہ
بنوا رہا ہے۔ پہلا مختصر بیچ دیا ہے۔ نئے بنگلے کی اچھی ڈیزائننگ
کے ساتھ ساتھ اس کی آرائش بھی اچھی اور آرٹسٹک ہے
جس میں کچھ عربی کا انداز بھی ہے۔ جیسے پیش دروازہ
کی دیوار پر ٹائیل اینٹیں لگائی گئی ہیں منظر
زیبائش ہے لیکن وہ "ریت گھڑی"
SADND CLOCK کی صورت میں ہے۔
سمندر کے کنارے وغیرہ وغیرہ۔
گئے تھے۔ جیسے پہلے وہاں ایک بلڈنگ بنائی
تھا۔ اس کے بعد کلب، قمار خانہ CASINO استعمال ہوا
اب وہاں شیخ الحق نے اسے دار القرآن بنانا چاہا۔
ہے جس کا تمام ذرائع لینے کے انداز کا جلدی ان کا ال بنا ہوا
ملحق ہے۔ جسٹس بار کے (حجازی)
SINDBAD S اس کا ایک افریقی عرب طلبہ کی منزل
عمارتی تعمیر ہے۔ روشنیوں سے بنی ہے۔
مسجد کی

نے اس کا بھی استعمال کر دیا۔ رقیب، دوستی اور

منشی جی، [illegible] شہزادے، جو ریڈیو میں دیکھے ہوئے ناٹکوں اور

ڈراموں کا سا لطف آیا۔ اور اس پہ اضافہ جھنجھناتی

پس منظر کی موسیقی تھی جس کے ردھم RHYTHM (اگر کوئی تھا)

پہ کردار [illegible] اور ان پہ عمل کا اظہار کرتے تھے۔ خاصا

لطف آیا۔ جیسے آپ بیٹھے کے جہاں [illegible] خلیش بیگ

ہو۔

مجھے اندازہ ہے کہ سرورق، بیک گراؤنڈ کا معاملہ کیسے طے ہوگا۔

اگر میرے پاس رقم ہوتی تو کتاب بھی خود چھپواتا۔ لیکن اب

اس ضمن میں ریٹائرمنٹ عمر میں کچھ نہیں کر سکتا۔ کیا آپ اس معاملہ

(سرورق بیک گراؤنڈ) کو خود اپنے کمپیوٹر میں بنا سکتے ہیں۔ ڈسکس

اور میں ان کے خرچ کر دیں۔ تھوڑا سے تھوڑا خرچ ہو اور

جیسی بھی اچھی بنے

مجھ سے پہلی تینوں کتابیں "اضافی ایک نقطہ" کے

اصول پہ چھپی ہیں۔ اس لئے اسے بھی اسی طرح چھاپا جائے

کا خیال ہے۔

امید ہے آپ نے [illegible] ضمیر انوار سے دیباچہ لکھوانے کیلئے ان کو

نسخہ بھیج دیا ہوگا۔ [illegible]

رمضان [illegible] کی وجہ سے ابھی ملاقات نہیں ہو سکی۔

اس دفعہ کے خط میں آپ کے خصوصی تعاون کا خصوصی شکریہ۔ والسلام

احمد علی

Nur Ahmad Khan Faridi
QASR - UL - ADAB
WRITERS COLONY,
MULTAN.
(Pakistan.)

ور احمد خاں فریدی
قصر الادب 91۔ رائٹرز کالونی ملتان

Ref. No. ________ دشمن چہ کند چوں مہرباں باشد دوست تاریخ 6/9

برادرِ محترم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ خاکسار ان دنوں اپنے مشائخ کا تذکرہ طبع کروا رہا ہے۔ کتاب کا نام

تذکرہ مشائخ چشت

ہے۔ کچھ عرصہ گزرا سرائیکی ادب پر آپ کا ایک مضمون حضرت نازک کریم کے عنوان سے شائع ہوا تھا۔ اسے بہت ڈھونڈا ہے۔ مگر نہیں ملا۔ چاہتا ہوں ان حضرات کو اس کتاب میں خصوصیت سے جگہ دینا چاہتا ہوں جن کا حضرت خواجہ صاحب یا ان کی اولاد سے روحانی تعلق رہا ہو۔ اس لئے گزارش ہے کہ آپ کے پاس یقیناً مضمون کا مسودہ محفوظ ہوگا۔ براہ کرم مجھ کو ارسال کر دیں میں اس سے استفادہ کے بعد واپس کر دوں گا۔ اگر کسی مجبوری کے سبب آپ نہ بھیج سکیں۔ تو کسی شخص سے اس کی نقل کروا کر ارسال

تصانیف

مطبوعہ :-

- ۱۔ شیخ الاسلام بہاء الدین زکریا رحمۃ اللہ علیہ
- ۲۔ تذکرہ الشیخ العارف صدر الدین محمد رحمۃ اللہ علیہ
- ۳۔ تذکرہ قطب الاقطاب شاہ رکن عالم نور اللہ مرقدہ
- ۴۔ تاریخ ملتان جلد اول
- ۵۔ تاریخ ملتان جلد دوم
- ۶۔ سر زمین ملتان
- ۷۔ بلوچ قوم اور اس کی تاریخ
- ۸۔ اسلامی افسانے جلد اول
- ۹۔ اسلامی افسانے جلد دوم
- ۱۰۔ دیوان فریدی مترجم و مشرح
- ۱۱۔ چاکر اعظم
- ۱۲۔ سندھ کے تالپور حکمران
- ۱۳۔ ملتان اور مورخین
- ۱۴۔ تذکرہ مشائخ چشت

غیر مطبوعہ :-

- ۱۔ خالقاھی نظام
- ۲۔ تاریخ اسلام علم و تحقیق کی روشنی میں
- ۳۔ بلوچ اور بلوچستان

مکرم ۔ نقل کی وصولیت میں دیر ہو گئی

بالخصوص سید ولایت شاہ بخاری کا تفصیلی حال معلوم ہے۔

جب حضرت جی مدظلہ کی زیارت کے لئے دہلی کی طرف تشریف لے گئے

تھے تو سید ولایت شاہ نے دوہے موزوں کئے تھے جن پر دلّی یا ذوق

کے الفاظ آتے ہیں۔ ازراہ عنایت ایک ہفتے کے اندر یہ مسودہ بھجوا دیں

عنایت ہوگی۔ آپ سے ملے ایک مدت ہو چکی ہے ہم آپ نے پشاور

کی طرف رخ بھی نہیں کیا۔ اگر مستقبل قریب میں اس طرف کا پروگرام

بنے تو خاکسار کو ضرور زیارت کرائیں

والسلام

خاکسار

5/18

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یونی ورسٹی آف ایجوکیشن کالج فار ایلیمنٹری ٹیچرز (مردانہ) ڈیرہ غازی خان

غلام قاسم مجاہد بلوچ ☆
ایم اے۔ سیاسیات' ایم اے۔ تاریخ (سند امتیاز)' ایم اے۔ اردو
ایم۔ فل۔ اقبالیات/ بلوچی (ایوارڈ یافتہ)' بی۔ ایڈ' ایم۔ ایڈ۔ سکالر
سینئر ماہر مضمون/صدر شعبہ اردو و لینگویج فیکلٹی
فون: ۰۶۴۲_۴۷۰۰۲۱

UNIVERSITY OF EDUCATION

بلوچ اوطاق
۶۲۸۔ اللہ آباد کالونی
مجاہد کیڈٹ سکول والی گلی
ڈیرہ غازی خان
فون: ۰۶۴۲_۴۶۱۱۸۰

[illegible]

تاریخ: 18 SEP 2005

حوالہ

مکرمی جناب عزت مآب محمد اسلم رسولپوری

السلام علیکم! مزاج شریف!

دیگر عرض یہ ہے کہ عاجز بندہ "اردو میں پاکستانی بلوچوں کی خدمات" پر پی ایچ ڈی کر رہا ہے۔ چونکہ آں جناب کی گراں قدر ادبی تصنیفات ہیں اس لئے جناب اس تحقیق کے مقالہ کا حصہ ہیں۔ اس لئے آں جناب کی C.V. کے علاوہ فہرست مطبوعات درکار ہے۔ مزید جناب کے مختلف مضامین جو رسائل و اخبارات میں شائع ہوتے رہے اگر ان کو ترتیب میں درج ذیل معلومات فراہم کر دیں تو شکر گزار ہوں گا۔

نام مضمون   نام رسالہ/اخبار   مقام اشاعت   تاریخ   تعداد صفحات   مرکزی خیال

علاوہ ازیں جناب کی درج ذیل مطبوعات عدم دستیاب ہیں کیا جناب ایک ایک نسخہ رعایتی قیمت پر V.P. کر سکیں گے؟ اس کے لئے ممنون رہوں گا۔

تصنیف وتالیفات:۔
- بلوچی ادب پر اقبالؒ کے اثرات (مقالہ ایم فل)
- اقبالؒ اور عطائی   ☆صدر بزم اقبال ڈیرہ غازی خان
- [illegible]

خط نگاری، سکول، مست، اور رائج رسم الخط کی فنی تاریخ ۔

جناب کا شکریہ کہ ایک عالم میر بخش احدانی صاحب ہیں، انہوں نے
بوستانِ سعدی، گلستانِ سعدی، مثنوی [illegible] کا منظوم
بلوچی ترجمہ کیا ہے مگر ان کا انتقال ہو گیا ہے۔ مخطوطے ان کے [illegible]
موجود ہیں۔ کیا ان مخطوطات کی زیارت کی اجازت
مل سکے گی؟ اس بارے میں معلومات بھی حاصل کر کے
کا منتظر ہوں —

دیگر والسلام

مخلص

[illegible]

پتا ڈاک =

BALOCH OTAQ
GHULAM QASIM MUJAHID
Sr. Subject Specialist Urdu
628 - Allah Abad Colony
Dera Ghazi Khan.

Qasimbaloch7@hotmail.com

محترم جناب اسلم رسولپوری صاحب

سلامِ مسنون۔ آپ کا والہ نامہ مل گیا ہے یاد آوری کا شکریہ۔ آپ کے چاروں سوالات کے جوابات حاضر خدمت ہیں:۔

ج1۔ سردار میر بخش خان مرحوم نے دیوانِ فرید کے کس نسخہ سے اپنا نسخہ رقم کیا تھا، اس سلسلے میں نہ تو میں نے خود کوئی تحقیق کی ہے اور نہ ان کے خاندان کے لوگوں کو اس کا علم ہے البتہ وہ چونکہ خواجہ صاحب سے عقیدت و ارادت رکھتے تھے اس لئے کہیں سے انہوں نے اپنا نسخہ دیوان مرتب کیا۔ اب یہ دیوان بھی سنا ہے کہ سید امین شاہ جیلانی عاریتہً لے گئے ہیں۔

ج2۔ میری معلومات کے مطابق سردار میر بخش خان نے صرف یہی ایک نسخہ ہی رقم کیا تھا۔ وہ چونکہ خوشنویس تھے اس لئے مسجد میں زیادہ تر بیٹھے رہتے اور قرآن شریف لکھا کرتے تھے چنانچہ ان کے ہاتھ سے لکھے ہوئے تین یا چار نسخہ ہائے قرآن ان کے خاندان کے پاس موجود ہیں

ج3 جیسا کہ عرض کر چکا ہوں کہ یہ میرے علم میں نہیں ہے کہ سردار میر بخش نے اپنا نسخہ کس قلمی نسخہ سے نقل کیا تھا اور وہ نسخہ کس کی ملکیت تھا۔ ان کے پوتے مولوی میر بخش صاحب بھی اس بات سے ناآشنا ہیں۔

ج4۔ سردار میر بخش مرحوم نے صرف یہی سرائیکی دیوان لکھا تھا۔ خواجہ صاحب کا اردو کلام نہیں لکھا تھا۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ کس کس کے پاس خواجہ صاحب کے دیوان کے نسخے ہیں، میں اس بارے میں کچھ نہیں جانتا چونکہ میں نے کبھی اس طرف دھیان ہی نہیں دیا۔

اللہ سے دعا ہے کہ ہماری بیٹی اپنے مقصد میں کامیاب و ممتاز ہو (آمین)

شاید آپ کو علم ہو کہ میں ایک عرصۂ دراز سے علمی و ادبی سرگرمیوں سے کنارہ کش ہو گیا ہوں۔ کیونکہ ایک تو میرے نجی حالات کچھ اس قسم کے ہیں دوسرے ادبی سرگرمیاں اب میلوں ٹھیلوں میں بدل گئی ہیں اور یہ کہ ایک طرف تو ہمارے لوگ پنجابی کے خلاف غلو کئے رہتے ہیں اور دوسری طرف ایک پنجابی کی اخبار

بھی ہمیشہ ہشیار رہتے ہیں۔ اسے کیا سمجھا جائے ؟

اگر پنجابی حضرات کے اخبار میں تحریریں چھپواتے ہیں تو انھیں بُرا نہ کہا جائے۔

آخر ہم سب نے مل کر رہنا ہے۔

سردار میر بخش خان مرحوم کے بارے میں اب کچھ لوگ یہ بھی لکھ رہے ہیں کہ وہ ڈیرہ گبولان کے نہیں تھے بلکہ وہ ڈیرہ غازی خان وغیرہ کے تھے۔ ہم نام تو بہت سے لوگ ہو سکتے ہیں لیکن جس سردار میر بخش کے نسخۂ دیوان کا ذکر میں نے کیا ہے ان کے خاندان سے میرے ذاتی مراسم ہیں اور ملازمت کے دوران میں ان ہی کے ہاں مقیم رہا ہوں۔ لطانی بہاولپوری مرحوم نے بھی مولوی لطف علی کو بہادر پور رحیم یار خان کی بجائے بہادر پور جلالپور پیروالا کا سکونتی ثابت کرنے کی کوشش کی تھی۔

سو جھوٹے کرتے جاتے ہیں ہم راستے
وہ ہیں سب کے سب بہ ارم وارعے

باقی سب خیریت ہے۔ احباب کو سلام

خیر اندیش

02-10-05

قابلِ صد احترام جناب محمد اسلم خان احمدانی صاحب ایڈوکیٹ جامپور

السلام علیکم ! عید مبارک ! شجرہ ہشت 8 پشت سردار مانہ خان احمدانی آپ کی خدمت میں بطور تحفۂ عید ارسال ہے۔ نیز اشتہار پانچ سو 500 سالہ برسی سردار مانہ خان احمدانی مع ایک نظم پیشِ خدمت ہے۔

آپ سے التماس ہے کہ "اردو دیوان فرید" پر اعتراضات والی کتاب کی انتظار میں ہوں۔ قوی امید ہے کہ عید کے موقع پر ملتان آپ کا آنا جانا ہوگا۔ مطلوبہ کتاب کیلئے یاددہانی عریضہ ارسال ہے۔

سرکار دہائی ہے کہ خداوندانِ ادبیات اسلام آباد نے ہماری ہر درخواست ردی کی ٹوکری میں ڈال دی ہے۔ پہلی درخواست 15 ستمبر سنہ 2005ء کو براہِ راست ملتان سے رجسٹری ارسال کی اور 26 ستمبر کو آپ کے ذریعہ دوسری رجسٹری ارسال ہوئی۔ نہ اعتراض لگایا گیا نہ مثبت جواب آیا۔ کمال لاپرواہی ہے۔ سرائیکی مثال ہے ڈھار نہ کٹ آندہ چاگٹ پنجابی افسران ہماری رجسٹریوں کا بھی جواب نہیں دیتے۔ یہ طریقہ واردات ہے۔ پنجابیوں کا

در اصل پنجابی بیوروکریٹس سرائیکیوں کا ہر سطح پر استحصال کر رہے ہیں سرائیکیوں کے حقوق غصب کرکے سخت ناانصافی کر رہے ہیں۔ میرا کیس دیکھئے۔ 66 سالہ معمر شخص ہوں۔ آٹھ سال سے مفلوج و معذور ہوں نیز 140 رسائل و کتب کا ناشر و مصنف ہوں۔ اس کے باوجود مجھے مخصوص فنڈ سے محروم رکھا ہوا ہے۔ کیا! اس فنڈ پر صرف پنجابیوں کا حق ہے سرائیکیوں کا کوئی حق نہیں ! یہ ظلم اور ناانصافی ہے۔

آپ سے مشورہ طلب ہوں کہ محتسب اعلیٰ سے شکایت کروں شنوائی ہوگی۔ رجسٹری کا جواب نہ دینا عجیب طریقہ واردات ہے تاکہ تنگ آکر مایوس ہوکر خاموش ہوجائیں۔ فنڈ بچ جائے اپنوں کے کام آئے۔ ظالموں کے ساتھ کیا حربہ

پاکستان پیپلز پارٹی ضلع راجن پور

سرور عباس
ایڈووکیٹ
ہائی کورٹ
سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راجن پور
صدر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع راجن پور

گھر : 06516-2678
688433
چیمبر : 2828
دفتر : 2878
فورٹ منرو : 0641-841041

حوالہ نمبر ________

تاریخ 10/6/2000

قابل احترام اسلم رسولپوری صاحب

السلام علیکم!

نایاب تحفہ جناب کی طرف سے کتاب سرائیکی حروف کیوں؟
کی صورت میں موصول ہوا۔ ۹ جون کی رات دولت خانہ پر حاضری کی ولا
مگر وقت زیادہ ہو گیا تھا۔ میں آپ کا بے حد شکرگزار ہوں کہ آپ نے مجھے یاد
رکھا۔ بے حد خوبصورت کتاب ہے اور بے حد حساس اور اہم موضوع پر
آپ نے قلم اٹھایا میری طرف سے ڈھیروں مبارکباد
ذوالفقار علی بھٹو اور حمید بلوچ کے نام کتاب کر کے آپ نے سچ کا پرچم بلند کر دیا
کچھ کتاب پڑھ لی ہے اور باقی پڑھ رہا ہوں
پاکستان میں کسی بھی جگہ یہ کتاب بڑے فخر کے ساتھ پیش کر سکتا ہوں
مجھے بے حد دلی خوشی ہو رہی ہے ڈھیروں مبارکباد اور پیار

بے حد شکریہ

آپکا دینا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتب خانہ الحسن الحسین

بستی سونی والی (داخلی موضع محمود آباد)
ڈاک خانہ چک عباس، تحصیل وضلع رحیم یار خان

پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

تاریخ 15-3-2007

محترم محمد اسلم رسولپوری صاحب

السلام علیکم۔ امید ہے دو عدد کاپیاں آپ کو مل گئی ہونگی جو بذریعہ پارسل میں نے آپ کی خدمت ارسال کی ہیں۔

جب فوٹو کاپیاں فارغ ہوں تو بذریعہ ڈاک مجھے ارسال فرمائیں

۱۔ ان کاپیوں کے ساتھ اپنی کتاب (سرائیکی رسم الخط کی مختصر تاریخ) اگر موجود ہو تو ضرور عنایت کریں۔

۲۔ نور احمد سیال سمہ سٹہ نے دو عدد سرائیکی قاعدے لکھے تھے ایک ۱۷ صفحات کا ۱۹۵۸ء میں ایک ۸ ورق صفحہ کا ۱۹۸۵ء میں شائع ہوئے آپ کے پاس ہیں۔ ان کی بھی زیارت کروائیں۔

والسلام

علی محمد رحیم یار خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتب خانہ الحسن الحسین

بستی سونی والی (داخلی موضع محمود آباد)

ڈاک خانہ چک عباس تحصیل وضلع رحیم یار خان

پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

تاریخ 5-3-2007

محترم محمد اسلم صاحب رسولپوری ایڈووکیٹ جام پور

السلام علیکم ۔ پہلا خط نہیں ملا دوسرا خط مل گیا ہے ۔ اصل کی فوٹو کاپی

اور دوسرا کاپی جو بندہ نے ترتیب دی ہے دونوں بذریعہ پارسل خدمت میں ارسال کر رہا ہوں ۔ چونکہ مصنف نے سرائیکی کافیاں نوٹ نہیں کی تھیں صرف فارسی ترجمہ ہی لکھتے رہے ہیں ۔ سرائیکی تلاش کر کے ساتھ ساتھ انکا ترجمہ لکھ دیا ہے ۔ تقریباً الف دیوان کا ترجمہ فارسی کا ہے دیگر مکمل کافیاں ہیں چند ایک کے کچھ اشعار مولانا صاحب نے ترتیب کئے ہیں وہ بندہ نے کافی تیار رکھے ہیں لیکن ~~مکمل~~ سرائیکی کافی مکمل ہی لکھی ہے ۔

التماس ہے کہ جب آپ اپنا مطالعہ مکمل کر لیں تو اصل کتابیں بندہ کو بذریعہ رجسٹرڈ پیکٹ واپس بھجوا دینا بہت مہربانی ہوگی ۔

علی محمد نیہوڑہ
معرفت ماشاء اللہ ویلڈنگ سٹیل ورکس
الشہاب مارکیٹ (نزد تھانہ صدر)
خان پور روڈ ۔ رحیم یار خان

والسلام
اللہ یار
ڈاکٹر [illegible] اسلمی ان شاء اللہ ہم جب [illegible]
تو بندہ کا ڈرافٹ دینا نہ بھولیں
[illegible]

Mob: 0333 9473289
off: 0946 - 624726
Res: Ph: No.(0092-0946)730489

Parvesh Shaheen
Director

LANGUAGE&RESEARCH
PROJECT CENTRE
MANGLAWAR,
SWAT.

LINGUSITICS EMBODIES THE FUTURE HOPES OF MANKIND FOR MUTUAL, UNDERSTANDING, THE GOODWILL,THAT WILL RESULT ANDTHE PEACE THAT WE HUNGER FOR.

Ref. No. PRC-149/L-13

Date. 8-11-2006

محترم ایڈووکیٹ صاحب

السلام علیکم ۔ آج شام آپ کی کتاب ملی تو (ہماری دارکستان کی زبانیں) یاد دہانی کے لیے بے حد شکر گزار ہوں ۔ شاید آپ کو یاد نہیں ہوگا ۔ میں آپ کی رسم الخط والی کتاب کا متلاشی تھا ۔ جب کوشش کے باوجود نہ مل سکی ، تو جب میں لاہور کے دورہ پر تھا اور [illegible] کے دفتر میں بلوچ صاحب کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا ۔ تو ملتان اور بہاولپور کے کچھ عالم دوست بھی ویسے ہی تشریف فرما تھے ۔ میں نے آپ کی کتاب کا ذکر جناب بلوچ صاحب سے کیا ۔ انہوں نے اسی وقت آپ سے فون پر بات کرلی ۔ پھر اسی وقت میں نے بھی آپ سے بات کرلی ۔ پھر کافی عرصہ تک میں کتاب کے انتظار میں رہا ۔

پروفیسر [illegible] صاحب بذات خود ایک چلتی پھرتی لسانیات ہیں ۔ اور یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ وہ مجھ پر مہربان بھی ہیں اور کافی کچھ سمجھایا کرتے ہیں ۔ جب ڈاکٹر میر صاحب (مرحوم) زندہ تھے ، محقق [illegible] صاحب زندہ تھے ، ابن حنیف صاحب زندہ تھے ۔ تو میں کبھی کبھی ان کے ہاں جایا کرتا تھا ۔ اور ان حضرات سے بہت کچھ سیکھا کرتا تھا اور اب یہ سلسلہ ختم ہو چکا ہے ۔ [illegible] صاحب اور [illegible] صاحب سے بھی ملاقاتیں ہوا کرتی تھیں ۔

آپ کی کتاب مختصر اور چھوٹی ہے ۔ لیکن پشتو میں ایک کہاوت ہے ۔ کہ "[illegible] چھوٹا ہے لیکن [illegible] پر پورا ہے" آپ نے اس مختصر سی کتاب میں (لسانی مضامین) بہت کچھ جمع کر دیا ہے ۔ ان سارے موضوعات پر الگ الگ کتابیں لکھی جا سکتی ہیں ۔

میں چاہتا تھا کہ اس کتاب کے بارے میں کچھ لکھا جائے تو عرض کروں ۔ لیکن شام ۶ بجے کے بعد میں نے آپ کی کتاب پڑھنا شروع کر لی اور اب [illegible] آپ کو [illegible] کر رہا ہوں ۔ کیونکہ ابھی چند گھنٹے بعد صبح سویرے ایک جاپانی قسم کے ساتھ [illegible] جانا ہے ۔ پہلے بھی انہوں نے یہاں وخی (WAKHI) زبان پر کچھ کام کیا تھا ۔ ان کے خیال میں اس کام میں کچھ چیزیں کم ہیں ۔ اس لیے اسے مکمل کرنے کے لیے جا رہے ہیں ۔ پہاڑوں پر برف باری شروع ہوئی ہے ۔ جہاں سردی بہت زیادہ ہو جاتی ہے ۔

کتاب کے بارے میں کچھ عرض کر رہا ہوں ۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ میری رائے آپ کی رائے سے زیادہ اچھی ہے ۔

① آپ کے خیال میں سنسکرت کا [illegible] ہند آریائی زبانوں کے ساتھ ہے ۔ میرے خیال میں یہ درست نہیں ہے ۔

② آپ کا یہ خیال درست ہے ۔ کہ [illegible] زبان [illegible] زبان سے الگ ہے اور بذات خود ایک مکمل زبان ہے ۔ ص 27

③ [illegible] اور [illegible] اور [illegible] والی بات درست ہے ۔ لیکن [illegible] درست نہیں ۔ [illegible] افغانستان کے ایک دور افتادہ علاقے [illegible] اور [illegible] سے [illegible] ۔ اس نے [illegible] کی بجائے [illegible] زیادہ [illegible] ہے ۔ [illegible] زبان خود [illegible] کی زبان ہے اور یہ آج بھی [illegible] میں موجود ہے ۔

④ [illegible] زبان ۔ میرے گھر کے سامنے ایک پہاڑ میں بولی جاتی ہے ۔ [illegible] ان لوگوں [illegible] زبان پر کچھ کام کیا ہے ۔

یہ تو ایسے ہے جیسے سندھ اور پنجاب سے الفاظ یا ہندوستانی سے الفاظ آئے ہیں۔ کیونکہ یہ تو آج بھی افغانستان کے جلال آباد کا [illegible] میں موجود ہے۔

⑧ جہاں تک وادئ سلیمان کی بات آپ نے لکھی ہے، آپ اسے کوہ سلیمان کی ایک دور دراز [illegible] زبان کہہ رہے ہیں۔ میرا ایسا خیال ہے
میدانی [illegible] زیادہ کشادہ اور وہاں [illegible] ہے۔

⑦ جہاں تک زبان کے ارتقا کا سوال ہے، تو میں اس بارے میں خود [illegible] نہیں ہوں۔ کیونکہ اردو نے جو بہاری زبانوں کو دیا ہے
اور اسے ختم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، جیسے ان کا [illegible] اور [illegible] ہے، جب [illegible] ایک بیرونی زبان کو مسلط کر [illegible]
اس طرح یہ اردو [illegible] کا اثر [illegible] ہے [illegible] بحث [illegible]
جاتے ہیں، [illegible] انٹرنیشنل زبان کو کیوں نہ اپنایا جائے
کہ [illegible] کیا جاتا ہے۔ جبکہ یہاں کی اصل زبانیں [illegible] کی زندگی گزار رہی ہیں۔

⑩ آپ نے چند [illegible] دردی اور [illegible] کا ذکر کیا ہے۔ جب تک آپ [illegible] زبانوں کی تاریخ اور ان کی گزشتہ عظمت اور [illegible]
معلوم نہ کریں، آپ سرائیکی کی گزشتہ تاریخ معلوم نہیں کر سکتے۔ جب یہ [illegible] اور دردی، سندھ اور پنجاب میں بولی
جاتی تھیں۔ [illegible] سندھی اور پنجابی کو جنم دیا۔ [illegible] یہ زبان تھی، [illegible] ترقی [illegible] اور یہ زبان [illegible]
ہے اور [illegible] ادا کر رہی ہے؟

⑪ آپ نے [illegible] کے بارے میں [illegible] کے حوالے دئے ہیں۔ انہوں نے [illegible] ہندوستانی زبانیں [illegible] اور
[illegible] سرائیکی، پنجابی اور سندھی کو جنم دیا، [illegible]
ادا کیا۔

⑧ آپ نے [illegible] کا حوالہ دیا ہے۔ [illegible] ابتدائی [illegible] زبانوں
پر کام کر رہا ہوں۔

⑭ آپ نے [illegible] کے حوالے دئے ہیں۔ [illegible] دونوں [illegible] اپنی [illegible] ہیں۔
[illegible] ان کے بیانات میں [illegible] درست ہیں۔

⑤ آپ نے زبانوں کا جو نقشہ دیا ہے، 68 [illegible] نقشہ صحیح نہیں لگ رہا ہے۔

⑨) بالی زبان آپ کے خیال میں [illegible] تھی، [illegible] ایک مغلئی زبان ہے۔ درحقیقت [illegible] ہے۔

⑥ [illegible] نے اپنی ایک کتاب میں بالی کو اردو کا ماخذ بتایا، [illegible] اپنے بیان سے [illegible] گئے۔

⑦ [illegible] درست نہیں ہے۔

Pisaci / Pashtocha آپ جو [illegible] زبانوں کے ایک جید عالم اور [illegible] انسان ہیں۔ آپ [illegible]

[illegible] کوشش کریں۔ [illegible] جو [illegible] سے الفاظ آئے ہیں۔ ان [illegible] اور زبان
[illegible] میں [illegible] زبان [illegible] ہو جاتی ہے۔

بہرحال [illegible] آپ کی کاوش، علم [illegible] اور [illegible] محنت کی وجہ سے آپ کا بے حد احترام کرتا ہوں۔
[illegible] دل میں [illegible] ہیں۔ [illegible] درست [illegible] ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ [illegible] کی اس قدیم زبان [illegible]
[illegible] پاکستان [illegible] کوئی اور [illegible] سامنے آئے۔

خدا آپ کو [illegible]

آپ کا [illegible]
شاہ دین

کراچی

۲۰ ستمبر ۱۹۸۵

برادرِ محترم محمد اسلم [illegible] صاحب، السلام علیکم

آپ کا [illegible] موصول ہوا۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] focus [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اپنے طور پر فیصلہ کریں۔ آپ چاہیں تو میں خاص طور پر اس موضوع پر [illegible] میں اپنے ادب

محترم مسز اسماعیل دوست کی تحقیق میں تحریر کر چکا ہوں کہ اپنے لیے ثابت شدہ سمجھتا

سمجھتا ہوں۔ آپ سے زیادہ بہتر اس متعلقہ فن پر کون لکھ سکتا ہے۔ میری خواہش

عالمانہ معروضی طور سے درست سمجھا ہے۔

آپ نے شماریات کے صفحہ ۱۰۳ پر مشتمل خاص طور پر کتاب میں استعمال کیا ہے

مساوات میں لغات کی حرکت پر ہے t سے مراد ہے وقت

یعنی وہ وقت جو بنیادی لغت (اس پر غور طلب معاملہ ہے)

(زیر بحث دو متعلقہ زبانوں کی بنیادی لغت کا ہے)

بنیادی لغت سے morphemes (معنیوں) کی تعداد

معلوم کی جاتی ہے۔ اسے logarithemes کی طرف منتقل کرتے

ہیں جو logarithemes

log کا [illegible] لوگارتھم

عربی کے الخوارزمی Algorithm سے ماخوذ ہے

اب مساوات (equation) کا طریقہ یہ ہوگا کہ جن [illegible] فرانسیسی زبانوں

کی بنیادی لغت حاصل کی جاتی ہے۔ اس سے morphemes نکالے جاتے ہیں

اور ان کو فی صد نکال کر تقسیم کر دیا جاتا ہے جیسا کہ [illegible]

جرمن اور فرانسیسی زبان کی بنیادی لغت کے morphemes کی تعداد

کسی حالت میں درج ہے۔ یہ سلسلہ [illegible] پیش کر رہا ہے۔ تفصیل کے لیے

صفحہ ۹ جو اوپر بیان کیا گیا ہے۔

[illegible]

PRESIDENT
Pakistan Seraiki Party
Distt. Jail Road, Near High Court,
MULTAN - Ph. : 061-511941
122-Abu-bakar Block,
New Garden Town, LAHORE
Ph. : 042-868422-321571

محترم و مکرم برادرم محمد اسلم خان رسول پوری

Dated 23. 6. 92

السلام علیکم ۔ آپ کا ۱۵ جون کا خط مجھے آج ملا ہے ۔ معلوم نہیں اتنے دن کہاں لگ گئے ۔ مجھے آپ کا خط پڑھ کر صدمہ ہوا ۔ میرا خیال تھا کہ آپ نے دور دراز رہ کر بھی دل کھول کر ساتھی کی طرح [illegible] [illegible] ہیں ۔ آپ کو معلوم ہے کہ میں آپ کی کتنی عزت کرتا ہوں ۔ اور میرے لندن کے قیام کے دوران میں نے آپ کو خط لکھ کر [illegible] [illegible] عمل تیار کیا تھا ۔ اور [illegible] [illegible] [illegible] ۔

دراصل بات یہ ہے کہ ہمارا سیاسی سفر بہت طویل ہے اور ایک دوسرے کو سمجھنے کی ضرورت ہے ۔ میرا خیال تھا کہ سرائیکی پارٹی میں قیادت کا مسئلہ حل ہو چکا ہے اور [illegible] کہ آپ ہم آہنگی سے کام کریں گے اور اپنے مقاصد کی تکمیل تک ساتھ دیں گے ایک دوسرے کی کمزوریوں کو برداشت کریں گے تاکہ ہمارے [illegible] میں خاموشی نہیں رہے گی اور [illegible] کا سلسلہ جاری رہے گا ۔

مجھے خوشی ہے کہ آپ نے اپنے دستخطوں کے ساتھ مجھے خط لکھا ہے اور یہی حقیقت ہے ۔ دوسرا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ہم [illegible] [illegible] وحدت کا [illegible] کا [illegible] اپنے اقتدار [illegible] [illegible] کی [illegible] [illegible] جس کے لیے میں تیار ہوں ۔

کوئی بات آپ کے ذہن میں [illegible] [illegible] کی باقی ہے تو [illegible] [illegible] میں [illegible] [illegible] میں آپ کی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ۔ [illegible] مجھے [illegible] خط [illegible] [illegible]

PRESIDENT
Pakistan Seraiki Party
Distt. Jail Road, Near High Court,
MULTAN - Ph. : 061-61[illegible]
122 - Abu-Bakar Block
[illegible]
Ph. : 042-[illegible]

[illegible] میں نے ہدایات دی تھیں۔ اس میں دیکھ لیں
میں دیر ہو گئی [illegible] سکتے ہیں کہ کوئی فیصلے غلط ہو گئے ہیں تو
ان کا ہم [illegible] کر سکتے ہیں۔

مگر آپ کے [illegible] خود ہی [illegible] کو ملتان [illegible]
[illegible] آپ کے [illegible] اور [illegible]
کوئی [illegible] سازش [illegible] یہ بات غلط ہے [illegible]
پاکستان کا نقطہ نظر [illegible] آپ کے سامنے بات [illegible]
[illegible] میٹنگ [illegible]
شامل [illegible] "[illegible] میٹنگ [illegible]
[illegible] اور ملتان میں [illegible]
[illegible] تمام [illegible]
[illegible] آپ کا مشورہ [illegible]
بہتر ہوگا۔

جہاں تک [illegible] کی بات ہے تو [illegible]
[illegible] صاحب [illegible]
[illegible] وقت [illegible]

۱۔ سیٹلائٹ ٹاؤن
بورے والا
۸ فروری ۲۰۰۵ء

محترم اسلم رسول پوری صاحب

السلام علیکم

"علم و ادب" کتاب II حاضرِ خدمت ہے۔ مجھے جرمنی سے محترم حیدر قریشی صاحب نے بالخصوص آپکو شمارہ ارسال کرنے آپ سے تخلیقات منگوانے کا حکم دیا۔ سو تعمیل کر رہا ہوں۔

امید ہے آپ "علم و ادب" کیلئے اپنی تخلیقات حاصل مطالعہ سے بھی نوازیں گے۔

دعا ہے آپ بخیر ہوں۔

خلوص و احترام کے ساتھ

جاوید حیدر جوئیہ

08/02/2005

تار کا پتہ : پاک گلڈ (Pakgulid)
ٹیلیفون نمبر: 6367124

پاکستان رائٹرز گلڈ
(ادارۂ مصنفین پاکستان)

صوبہ پنجاب، لاہور
گلڈ ہاؤس، ا۔ منٹگمری روڈ

حوالہ نمبر 3617 تاریخ 2-9-05

مکرمی [illegible] صاحب

السلام علیکم ۔ امید ہے آپ بخیریت ہوں گے

آپ کا خط بنام جاوید طفیل ملا ۔ یاد آوری کا بہت بہت شکریہ ۔ خبرنامہ پسند فرمانے کا مزید شکریہ ۔

جہاں تک سرحدی اہلِ قلم کی کتابوں کا تعلق ہے ۔ جو کتابیں ہمیں ملی ہیں ہم نے اُن کا ذکر کر دیا ہے ۔

اگر دوست ہمیں سرحدی کتب ارسال فرمائیں گے تو ہم ان شاء اللہ اُن کتب کا بھی ضرور ذکر کریں گے ۔

آپ کا خط آئندہ خبرنامہ میں شامل کر دیا جائیگا

شکریہ

آپ کا

55 Frith Road
LONDONE 11 4EX
UK.
1-9-94

قبلہ برادرم اسلم خان [illegible]

السلام علیکم ۔ امید ہے آپ خیریت سے ہوں اور آپ کے بچے بھی خیریت سے ہیں ۔

میں اب 18 ستمبر کو لندن سے روانہ ہوں گا اور 19 کو صبح [illegible] بجے کراچی پہنچوں گا ۔ [illegible]
[illegible] 19 کی [illegible] شام [illegible]
[illegible] 21 [illegible] یا 22 [illegible]
[illegible] 23 [illegible]
[illegible] 25 سال بعد [illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]

To open slit here

To open slit here

By air mail
Par avion

LONDON E1-E19
10 AM
1 SEP
1994

Great Britain Postage Paid

محمد اسلم خاں رسول پوری

Mohammad Aslam Khan Rasoolpuri
Advocate High Court
Tehsil Courts JAMPUR
Dist RAJANPUR
PAKISTAN

Royal Mail
International
Aerogramme

INTERNATIONAL MAIL OFFICE ISLAMABAD
8AM
4-9
1994

Name and address of sender
T.M.K. Langah
55, Frith Road
LONDON E11 4EX
UK

Postcode

An aerogramme should not contain any enclosure

[illegible]

صدر نشین

فون دفتر: ۹۲۵۰۳۰۸
گھر: ۴۸۴۴۸۵۴
۴۳۱۳۲۷۷
فیکس: ۹۲۵۰۳۱۰
ای میل: این ایل اے پاک
@اپالو-نیٹ-پی کے

پروفیسر فتح محمد ملک
(ستارۂ امتیاز)

ز
2423

۱۳۔ مارچ ۲۰۰۷ء

محبِ گرامی جناب اسلم رسولپوری صاحب،

السلام علیکم،

سرائیکی زبان پر آپ کی گراں قدر تصنیف موصول ہوئی۔ اس کرم فرمائی پر میں آپ کا احسان مند ہوں۔ جناب عبدالمجید میمن سندھی کا ڈاک کا پتہ مجھے نہیں مل سکا۔ اگر آپ سندھ یونیورسٹی جامشورو سے رابطہ کریں تو شاید وہ اس باب میں آپ کی مدد کر سکیں۔

اُمید ہے کہ آپ مع الخیر ہوں گے۔

والسلام

مخلص

(فتح محمد ملک)

جناب اسلم رسولپوری صاحب،
ایڈووکیٹ، کچہری جامپور
ضلع راجن پور۔

کراچی، ۳۰ ستمبر ۸۵ء

برادرم اسلم رسول پوری صاحب، آداب!

خط ملا۔ آپ کی والدہ کے انتقال کی خبر سن کر صدمہ پہنچا۔ خدا آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اور کیا عرض کر سکتا ہوں۔ عزیز شاہد اور آپ کے بھائی سے ملاقات ہوئی تھی۔ دیر تک آپ کا ذکر رہا۔ فروری ۸۶ء میں یہاں انجمن ترقی پسند مصنفین کی گولڈن جوبلی کی تقریبات کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ پروگرام تو بین الاقوامی نوعیت کا اور کافی اہتمام کا ہے۔ آپ کو اور عزیز شاہد کو سرائیکی کے نمائندوں کی حیثیت سے مدعو کرنے کی سبیل پیدا کر رہا ہوں۔ تفصیل سے بعد میں مطلع کروں گا۔

"مالگذاری" کے سلسلے میں آپ نے جن غلطیوں کی بابت توجہ دلائی ہے، وہ بڑی حوصلہ افزا ہیں۔ میری تو یہی خواہش ہے کہ اگر کہیں معمولی چوک ہو جائے تو اسی مرحلے پر اس کا ادراک ہو جائے اور کتاب کی اشاعت سے پہلے اسے درست کر لیا جائے۔

"ادھیلی" کے سلسلے میں گزارش ہے کہ پنجابی اور سرائیکی، جیسا کہ آپ کو علم ہے، میری مادری زبانیں نہیں۔ اس باب میں میرا علم اکتسابی یا کتابی ہے۔ میں لکھنے سے پہلے حتی الوسع کوشش کرتا ہوں کہ تحقیق کر لوں۔ "ادھیلی" کے بارے میں ارشاد احمد پنجابی نے "پنجابی نامہ" میں زرعی نظام کار کے تحت لکھا ہے:

> ادھیلی — "کسی کی غیر آباد جنگلاتی زمین آباد کرنے کے بدلے میں
> کچھ حصہ اور کچھ زمین جو آباد کار کی اپنی ملکیت تصور
> ہوتی ہے، یعنی اس قسم کا معاہدہ۔" (صفحہ ۱۴۷)

"پنجابی نامہ"، پنجابی اصطلاحات اور روزمرہ کی لغت ہے، جسے مرکزی اردو بورڈ لاہور نے شائع کیا ہے۔ اسے عام طور پر مستند سمجھا جاتا ہے۔ درخواست ہے کہ اس سلسلے میں کچھ اور تحقیق کر لیں اور مجھے مطلع کریں تاکہ اس کی روشنی میں تصحیح کر لی جائے۔

جانگلوس میں جس دور کا ذکر ہے، وہ ۱۹۵۳ء سے ۱۹۵۸ء تک محدود ہے۔
اور یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ اس وقت راجن پور، ضلع ڈیرہ غازی خان کی تحصیل تھی۔ بعد میں
ساہیوال کو منٹگمری اور ضلع اٹک کو کیمبل پور بتایا گیا ہے۔ اس لئے کہ اس وقت تک ان
کے موجودہ نام وضع نہیں کئے گئے تھے۔

۴۔ اور یہ تحریر کی بات تب کی کوشش پر لفظ گودنے کے سلسلے میں ڈکشنری سے مشورہ کر لیا تھا۔
اب ایک بار پھر کسی ڈکشنری سے رجوع کروں گا، بلکہ اس سلسلے میں باقاعدہ تحقیق کرنے کی کوشش
کروں گا تاکہ غلطی کا احتمال نہ رہے۔ اس معاملے میں آپ کی طرح میں بھی لا علمی کا شکار ہوں۔
بہرحال مجھے خوشی ہوئی کہ آپ نے اسے دلچسپی اشتیاق اور توجہ سے پڑھا اور جہاں شبہ محسوس ہوا،
برملا اظہار کر دیا۔ آئندہ میں آپ یا آپ کے احباب کسی غلطی کو محسوس کریں تو بلا تکلف
مطلع کریں۔ ارادہ ہے کہ جانگلوس کا جو حصہ شائع ہو چکا ہے، اسے کتابی صورت میں شائع
کرا دوں۔ اندازہ ہے کہ ناول ضخامت کے اعتبار سے اتنا طویل ہوگا کہ سات، ساڑھے سات سو صفحات کی
دو جلدوں پر مشتمل ہوگا۔ یوں سمجھ لیجئے کہ اب تک کل ۲۱ قسطیں شائع ہوئی ہیں اور مجموعی
طور پر ۴۸ قسطیں ہیں۔ گویا ابھی ۲۷ قسطیں چھپنا باقی ہیں۔ ایک جلد کی تدوین
یا ایڈیٹنگ کر رہا ہوں۔ یہ کام مکمل ہو جائے تو آپ سے رجوع کروں گا کہ مقامی محاورے اور روز مرہ
کے بارے میں غلطی کا امکان نہ رہے۔ آپ سرائیکی داں ہیں، ساتھ یہاں کے بھی اسکالر ہیں۔
اس سلسلے میں مجھے آپ اور آپ کے احباب کی اعانت کی ضرورت ہے۔

احباب کو آداب کہئے۔ مزاج بخیر۔

مخلص
شوکت صدیقی

فون دفتر : ۹۲۵۰۵۷۰
گھر : ۲۲۹۷۲۸۸
فیکس : ۹۲۵۰۵۹۰
ای میل ایڈریس : اکادمی@اپالو۔نیٹ۔پی کے

افتخار عارف
ستارۂ امتیاز، ہلالِ امتیاز

صدر نشین

مراسلہ نمبر:۔ پی اے ایل/چیئرمین۔۱(۲)/۲۰۰۶

بتاریخ:۔ ۲۱/اکتوبر ۲۰۰۶ء

میرے محترم،

سلام و رحمت!

آپ کی ارسال کردہ کتاب ''**لسانی مضامین**'' موصول ہوئی۔ کرم گستری اور یاد فرمائی کے لیے احسان مند ہوں۔ ان شاء اللہ استفادے کی صورتیں نکلیں گی۔

اللہ تعالیٰ آپ کے لفظ کو تاثیر کی دولت سے مالا مال رکھے۔

اُمید ہے مزاجِ گرامی بخیر ہوگا۔

مخلص

(افتخار عارف)

محترم اسلم رسول پوری صاحب کی خدمت میں

بصد ادب

اکادمی ادبیات پاکستان • ایچ ۸/۱، پطرس بخاری روڈ • اسلام آباد۔۴۴۰۰۰

بخدمت محترم جناب محمد مسلم خاں صاحب وکیل کچہری
مظفرنگر

تسلیمات: عرض ہیکہ آج اچانک ایک ضروری کام کے باعث بامر مجبوری مجھے رامپور جانا پڑا ہے اور عزیزی شمس الدین اور تمام گواہان ڈیرہ غازیخان پہنچ رہے ہیں مجھے آپ سے والدہ کی ضمانت نہ لینے پر بے حد افسوس ہے۔ کچھ مجبوری ہے میری غیر حاضری سے آپکو جو تکالیف پہنچیں اس کی معافی چاہتا ہوں خدا نے فرصت دی تو میں خود حاضر ہونگا

باقی سب خیریت ہے۔ آپکی خیریت کا طالب

فقط دعاگو [illegible]

Dated 25-7-86

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Dr. Mahar Abdul Haq
M. A. PH. D., W.P.E.S., (Retd.)
EX- Member Royal Asiatic Society, London
Secretary General Siraiki Adabi Board Multan

Pho : 74
2526-B Shadman Colony
High Court Road,
MULTAN

5-3-1986

برادرِ عزیز و محترم!

السلام علیکم

آپ کا خط ملا۔ آپ کے بہنوئی اور اس کی والدہ کی اچانک موت کی خبر سے بہت صدمہ ہُوا۔ اس وقت بھی جبکہ یہ عریضہ لکھ رہا ہوں دل بہت غمگین ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور آپ کو اور لواحقین کو صبرِ جمیل۔ بس دعائے مغفرت کے سوا اور چارہ ہی کیا ہے!

آپ کے غم میں برابر کا شریک

عبدالحق

تار کا پتہ: پاک گلڈ (Pakgulid)
ٹیلیفون نمبر: 6367124

پاکستان رائٹرز گلڈ
(ادارۂ مصنفین پاکستان)

صوبہ پنجاب، لاہور
گلڈ ہاؤس، ا۔ منٹگمری روڈ

حوالہ نمبر 2458 تاریخ 5-3-05

مکرمی محمد اسلم رسولپوری

السلام علیکم۔ امید ہے آپ بخیریت ہوں گے

آپ کا چندہ مبلغ 180/- روپے بذریعہ منی آرڈر مل گیا

اس تعاون کا بہت بہت شکریہ۔ رسید علیحدہ سے

علاوہ ازیں الیکشن کا پروگرام اور امیدواروں کے نام بھی جا رہے ہیں۔

اگر آپ مقامی اخبارات میں یہ خبر چھپوا دیں تو بہت

مہربانی ہوگی۔

علاوہ ازیں مرحوم رشید قیصرانی صاحب کا فون نمبر درکار ہے

اگر آپ مناسب سمجھیں اور آپ کو مل جائے تو مجھے

مطلع فرمائیں عین نوازش ہوگی۔

آپکا [illegible]

اکادمی ادبیات پاکستان
PAKISTAN ACADEMY OF LETTERS
Ministry of Education, Government of Pakistan

Pitras Bokhari Road,
Sector H-8/1, Islamabad

Tel: 435126
435125
Fax:435120
E. mail:academy@apollo.net.pk

مورخہ ۱۰۔ اگست ۲۰۰۰ء

محترمی،
السلام علیکم!

۱۹۹۹ء کے اکادمی ادبی انعام ---سرائیکی--- زبان کے لئے منصفی کے فرائض انجام دینے کے لئے آپ کا نام تجویز ہوا ہے۔ منصفی کے فرائض کی انجام دہی پر آپ کو مبلغ آٹھ ہزار روپے کا اعزازیہ بھی پیش کیا جائے گا۔

یہ کام آپ کو رازداری کے ساتھ کرنا ہے، ادارہ بھی آپ کا نام صیغہ راز میں رکھے گا۔

از راہ کرم جلد از جلد اپنی رضامندی سے مطلع فرمایئے تاکہ آپ کو کتابیں ارسال کی جا سکیں۔

آپ کے تعاون کے لئے ممنون ہوں گے۔

احترامات کے ساتھ

(خالد اقبال یاسر)
ڈائریکٹر جنرل

جناب اسلم رسولپوری

Monthly Nitara International
ماہنامہ
اردو
سرائیکی
نِتارا
اِنٹرنیشنل

Ref:

Date: 16-07-09

محترم جناب محمد اسلم رسولپوری صاحب

سلام۔ آپ کی تازہ ترین تحقیقی کتاب "بچکار آوازاں" موصول ہو چکی ہے۔ جسے پڑھ کر سرائیکی کی قدیم ترین آوازوں سے مجھے نئی آگہی حاصل ہوئی ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ قدیم آوازیں میرے لئے انکشاف کا درجہ رکھتی ہیں۔

سرائیکی زبان و ثقافت کے حوالے سے آپ نے جو کام کیا ہے وہ نہایت معتبر اور وقیع ہے جس کا میں بے حد معترف ہوں۔ بچکار آوازاں سرائیکی لسانیات میں ایک اور لائق تحسین اضافہ ہے۔

آپ کی جو تحریریں میرے مطالعہ میں آچکی ہیں ان کی ایک اہمیت و انفرادیت یہ بھی ہے کہ وہ آپ کی اختصار نویسی و جامعیت کا بہترین نمونہ ہیں جس کی بے ساختہ داد دینا پڑتی ہے بلکہ مجھے تو رشک سا آتا ہے۔ ~ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔

باقی سب خیریت ہے۔ امید ہے مزاج بخیریت ہی ہوں گے۔

خیر اندیش

نِتارا گروپ آف پبلی کیشنز M-23 پانامہ سینٹر' بلاک D-13' گلشن اقبال' سرسلیمان روڈ کراچی۔ 75300 فون: 021-4802680 فیکس: 021-4802680
ای میل: nitara_international@yahoo.com / nitara_seraiki@yahoo.com

A592 Block J
North Nazimabad
Karachi 74700

16/03/05

برادرم [illegible] سلامت

مکرمی السلام علیکم [illegible] مجھے

اس قدر [illegible] مجھے [illegible] ہے اب [illegible] مجھ کو

[illegible] M. Phil

کے مقالات [illegible] بھیج دی ہیں۔ آپ [illegible]

[illegible] ہے [illegible] اب [illegible]

میں [illegible] آپ [illegible] ہے اگر [illegible]

تو میں [illegible] اپریل کے پہلے ہفتے میں آ سکتا ہوں۔

اور آپ [illegible] ملاقات کر کے خوشی ہوگی۔ [illegible]

[illegible] ہے [illegible] روانہ

کر سکوں گا۔

کراچی کب آ رہے ہیں [illegible]

[illegible] ہو گئے [illegible]

[illegible] سلام [illegible]

آپ کا [illegible]

SHAUKAT SIDDIQUI
A-23, Block L
North Nazimabad
Karachi, Pakistan
Res: 610822, 627929

۴ر اپریل ۸۶ء

برادرم اسلم رسول پوری صاحب، آداب!

دونوں خطوط ملے۔ کانفرنس آپ اور آپ جیسے دوسرے احباب کی سرگرم اور پرجوش شرکت سے کامیاب اور کامران ہوئی۔ اس اجتماع میں آپ کو جو اعزاز حاصل ہوا اس کے آپ بجا طور پر مستحق تھے۔ شکرگزار ہوں کہ آپ نے معاملات کو اہتمام و تنظیم سے طے کرنے میں تعاون کیا اور ہر طرح سے معاون و مددگار ثابت ہوئے۔ کانفرنس کی کارروائی کے آٹھ وڈیو کیسٹ تیار کیے گئے ہیں۔ جو ایڈیٹنگ کے بعد جمع کردیے گئے ہیں۔ کبھی کراچی آنا ہو تو مل بیٹھیں گے۔ ان کو دیکھیں گے اور اس تاریخی اجتماع کی یادوں کو تازہ کریں گے۔

میں نے آپ کی ہدایت کے مطابق مسلم شمیم صاحب کو پیغام بھجوا دیا ہے کہ وہی مضمون کتاب میں شامل کیا جائے جو آپ نے ان کو ارسال کیا ہے۔ ویسے کانفرنس کی روداد کی اشاعت میری ہی نگرانی میں ہو رہی ہے۔ فی الحال تو ہندوستان جانا ہے اور ۹ اپریل سے لکھنؤ میں شروع ہونے والی گولڈن جوبلی کانفرنس میں ~~[illegible]~~ شرکت کے لیے بھاگ دوڑ ہو رہی ہے۔ مگر راہ میں طرح طرح کی دشواریاں حائل ہیں۔ میں ۳۶ سال قبل اسی مہینے میں لکھنؤ سے پاکستان آیا تھا۔ آج تک نہ جا سکا۔ قدرت و وقت نے اجازت ہی نہیں دی۔ سوچا تھا اس دفعہ کانفرنس کے بہانے زندگی میں ایک بار وہ گلی کوچے دیکھ لوں گا جہاں پیدا ہوا، ہوش سنبھالا، جوان ہوا۔ لیکن اس دفعہ بھی امید کے آثار نظر نہیں آتے۔

عزیز شاہد اور دوسرے احباب کو سلام کہیے۔ [illegible]

آپ کا
شوکت صدیقی

A-392 Block J,
North Nazimabad,
Karachi 74700

18/6/07

برادرم اسلم رسولپوری تسلیمات

امید ہے کہ آپ بخیریت ہوں گے ۔ بہت عرصہ ہو گیا آپ کی تحریر دیکھے ہوئے حسب معمول جوابات کے ساتھ یہ آپ کے تاثرات ملے ۔ اس کا جواب لکھ رہا ہوں ۔ اگر میرا جواب ملے تو اور کچھ لکھا ہے ۔ دوسری بات یہ عرض کرنا ہے کہ جو کچھ صورت ہے قدرت کی طرف سے اشتیاق دید کی فرصت ملنے کی صورت ہے ۔

جی چاہتا ہے کہ کبھی ملتان آؤں یا آپ یہاں آ جائیں تو ایک دو روز گزاروں اور آپ کے ادبی و تحقیقی کاموں سے متعلق باتیں کروں ۔ تاکہ آپ کے کچھ کام میں کچھ کر دوں ۔ کراچی سے نکلنے کی کوئی سبیل نہیں نکلتی ۔ مجھے خوشی ہوئی کہ آپ کی ایک بیٹی وکیل ہے اور دوسری M.Phil کر رہی ہے (اسلامیہ یونیورسٹی سے یا ملتان سے ۔ ملتان میں ڈاکٹر اللہ داد، روبینہ ترین، قاضی عابد جیسے ایک اچھا گروپ ہے جو دوست ہے ۔ کبھی کبھی Viva Voce لینے کی زحمت کی دعوت ملے تو سوچتا ہوں یا پھر جب کبھی ملتان آؤں گا وہاں سے آپ کی طرف دو ایک روز کے لئے ضرور آؤں گا ۔ لیکن یہ وعدہ خود سے ہے ۔ ملتان آنا میرا بس سے کم ہو جاتا ہے

کراچی کے گلی کوچوں میں ہیومن رائٹس کمیشن پاکستان کا دفتر سید شمس الدین میں ۔ لاہور میں آئی۔ اے۔ رحمان، اسلام آباد میں طاہر محمد خان ہیں سب ہی سے ایک اچھی رفاقتیں ہیں ۔ میں بھی کچھ نہ کچھ وقت لگاتا ہوں ۔ اس سماج میں پس ماندہ یا ستم رسیدہ لوگوں کے لئے مشترکہ پلیٹ فارم نہ ہونے کی وجہ سے کئی شکل میں یہ چھوٹے چھوٹے گروپ NGOs کے سلسلے میں الجھ کر تقسیم در تقسیم

کا عمل سمجھا ہوں۔ مجھ کو بھی کچھ لوگوں سے کچھ ہوتا رہا ہے لیکن مرکز سے
قائم رکھنا چاہیے لہ لوگوں کی اساس ایک ہی مرکز میں مرتکز ہو تو بات کچھ
اور ہو جاتی ہے

آپ کے یہاں آج کل کون سا موسم لکھا تھا ہے اندازہ لگا سکتا ہوں
اپریل ہے۔ اکتوبر تک ٹھنڈ ہو جاتی آپ کے مشورے دیتا رہتے۔ راحت بخش میں
دیکھو دن کا ہو ایک شخصیت ملی جا سکتی ہے۔

میرے لائق کوئی خدمت

آپ کا مخلص

محمد [illegible]

P.S آپ خود کے ملاوہ ہے
آپ کی فیاضی لہ دوست داری
کا جذبہ جھلکتا ہوا محسوس ہوتا
ہے۔ اور یہ بھی کچھ ایسا ہی۔
آپ کی درازیٔ عمر اور اپنے لیے
ادب میں کچھ کرنے کی دعا مانگتا رہوں گا

۷۸۶

برادرِ محترم سردار سلیم خان

سلام شوق ۔

حاملِ رقعہ ہذا ۔ جو ایک ذی شان دوست ہیں ۔ محبّ کی ۔ محمد حنیف ملکانی
ملکانی کے فرزند ارجمند ہیں ۔ محمد شفیق ملکانی [illegible] آپ
کے حافظے میں موجود ہوں گے ۔ محمد شفیق صاحب ۔ [illegible] کام
کی [illegible] اور آپ سے عقیدت رکھتے تھے ۔ کہ [illegible]
ہوگی ۔ ضرور وقت ملاقات [illegible] میں پیش کرتا ۔ لیکن براہِ
[illegible] ۔ ضروری کام ہے ۔ ملاقات سے محروم ہو گیا
بخوبی زبانی دعا گوش گزار کریں گے ۔ اور سردار زادہ مرحوم
کی بھی زبانی [illegible] میں شریک ہوں گے ۔ آپ ان کی مدد کریں گے ۔
ممنون ہوں گا ۔ انشاء اللہ [illegible] ہوں گے

والسلام

سردار [illegible] کھوسہ ڈیرہ غازی خان ۵-۳-۹۹ء

پتوروول

رنگون
22.3.94

سلام مسنون۔ آپکا خط ملا۔ جس میں آپ نے میری کتاب کی اشاعت کا کام آپ کے دوست رئیس عدیم کو دینے پہ خوشی کا اظہار کیا ہے اور اس سے اپنے تعاون کا یقین دلایا ہے۔ تاکہ کام کی تکمیل وقت پہ ہو سکے۔ بہت بہت شکریہ۔

البتہ آپ نے میرے خط کے دوسرے مندرجات کے بارے خموشی اختیار کر کے اپنے ذہنی تحفظات کا اظہار فرمایا ہے۔ جس کا کہ آپ کو حق پہنچتا ہے۔

امید ہے آپ سب بخیریت ہونگے۔ وہاں کے حالات سے مطلع کرتے رہا کریں

ڈائریکٹری سرائیکی مصنفین چھپ گئی ہے۔

والسلام۔

آپکا

ڈاکٹر انوار احمد
پروفیسر شعبہ اُردو:
بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان

تاریخ: ۱۲/ جولائی ۲۰۰۷ء نمبر: اُردو/ ۲۰۰۷/
بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان

سائیں اسلم رسول پوری

سلام!

مجھے بتانے کی ضرورت نہیں کہ میں آپ سے کتنی محبت کرتا ہوں اور کب سے کرتا ہوں مگر پچھلے دنوں مجھے بعض باتوں میں افسردہ کیا اور اب بھی شمیم عارف قریشی، صابر چشتی، مشتاق گاڈی اور دیگر لوگوں نے ہمارے ڈین ڈاکٹر ظفر اقبال اور اُس کے بغل بچے احسن واگھا کے ساتھ مل کے جو دل آزار مہم شروع کی ہے اُس سے میں نے سرائیکی شعبے کی سربراہی سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے، شاید ان شپرہ چشم لوگوں کو اندازہ نہیں کہ میں نے سرائیکی شعبے کو حقیقت بنانے، ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے اسے منظور کرانے اس کے اشاعتی پروگرام کو ملکی سطح پر متعارف کرانے اور اس کے نصاب اور دیگر امور میں کتنا وقت اور ذاتی وسائل صَرف **نہیں** کیے بلکہ ان بدبخت لوگوں کے رویے کی وجہ سے احساس ہوتا ہے کہ ضائع کیے ہیں۔ ہماری محرومی، پسماندگی اور ذلت میں اپنوں کا کتنا ہاتھ ہے اس کا فیصلہ آنے والا وقت کرے گا۔ تاہم مجھے اس مہم نے تخلیقی سطح پر کچھ عطا بھی کیا ہے سو میں نے ایک سرائیکی ڈرامہ لکھنا شروع کیا ہے جس کا عنوان ہے ’’دراوڑ، چڑس تے کاں‘‘ اسے میں انشاءاللہ سٹیج پر پیش کروں گا اور مجھے بڑی خوشی ہوگی اگر اس میں اوریجنل کردار پرفارم کریں۔

1974ء میں فخر بلوچ نے میرا سرائیکی کا پہلا ڈرامہ ریڈیو ملتان سے پروڈیوس کیا تھا۔ ’’ساوا گھر‘‘ اس کے بعد میں نے دو درجن سے زائد سرائیکی ڈرامے ریڈیو کے لیے لکھے، افسانے لکھے جو نشر بھی ہوئے، ریڈیو پر 1978ء میں نشر ہونے والے میرے ایک افسانے ’’ٹوئے آلی وستی‘‘ کے بارے میں مہر عبدالحق نے جو ماہرانہ رائے دی تھی اور جس پر مجھے ایک دو برس کے لیے بین بھی کیا تھا، میں نے کبھی کسی ملاقات میں اُنہیں نہیں جتلایا تھا، لیکن جب سرائیکی میں کچھ بھی نہ لکھ سکنے والے مجھے طعنہ دیتے ہیں تو مجھے اپنے بارے میں اس طرح کی بیہودہ خودنمائی کرنی پڑ رہی ہے۔

والسلام

انوار احمد

تاریخ: ۱۲/ جولائی ۲۰۰۷

Bahauddin Zakariya University, Multan, (60700) Pakistan. **Fax/Tel**(off): 0092-61-9210108 **(Res)**:0092-61-6523635
Email: enwaar2001@yahoo.com. anwarahmad@bzu.edu.com

۷۸۶

اکادمی ادبیاتِ پاکستان

PAKISTAN ACADEMY OF LETTERS

(Established by the Ministry of Education, Government of Pakistan)

H-8/1, ISLAMABAD
Telegraphic Address "ACADEMY"

Telephone No.
254643
254567
281823
281824

Ref No. ۹۲/(۳۹/۱ — سی ای

Dated ۳۰ — مارچ ۹۲ ء

محترمی ،

سلام مسنون ،

خط ملا پرچے کی پذیرائی کے لیے ممنون ہوں —

۱۹۴۷ء کے بعد سرائیکی غزل ، نظم اور افسانے پر مضامین لکھنے کی بہت ضرورت ہے — آپ ان میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی مقالہ سہ ماہی ادبیات کے لیے قلمبند کر سکیں تو عنایت ہوگی —

والسلام

مخلص

(خالد اقبال یاسر)

مدیر اعلیٰ

جناب محمد اسلم رسولپوری ،
ایڈوکیٹ کچہری ، جام پور ،
ضلع راجن پور —

PROF. DR. ABDUL JABBAR JUNEJO
B.A. Hons (Sindh) Dip: Chinese (Peking)
M.A., Ph.D (Sindh)
Former Dean Faculty of Arts, University of Sindh.
Former Chairman Sindhi Adabi Board.

Date: 9-2-07

برادرِ محترم، سلامت باشید،

السلام علیکم، آپ کا نوازش نامہ ملا۔ آپ نے
یاد کیا اس کے لئے شکر گذار ہوں۔ تازہ کتاب
حاضرِ خدمت ہے۔ آپ نے خواجہ فرید کے بارہ
میں پوچھا ہے۔ خواجہ صاحب کے آباؤ اجداد ٹھٹھ
سے نقل مکانی کر کے گئے تھے ایسا کتابوں
میں آیا ہے۔ اُن کی سندھی کافیاں بہاولپور
اور ملتان کے ماخذوں میں بھی ہیں۔

"ھر دل جو دلدار یار سنھنجر" اور ایک
اور بھی کافی اِن میں شامل ہے۔ لطف اللہ
بدوی نے تذکرہ لطفی میں [illegible] یہ کافیاں (جلد
سوم) شامل کی ہیں۔ چند دیگر کافیاں جو
ڈاکٹر بلوچ کی مرتب کردہ کتاب (کافیوں) جلد ۲
میں ہیں وہ سرائیکی سے ترجمہ کی ہوئی
ہیں۔ اس سے زائد معلومات سندھ کے ماخذوں
میں موجود نہیں۔

امید ہے آپ بخیر ہیں
مخلص ۔ عبدالجبار

194--Shehryar Manzil, Shah Latif Road, Badin. Tel: 0227-61864

از کراچی
6.5.01

محترم جناب اسلم رسول پوری

سلام نیاز ۔ آپ کی ارسال کردہ دو عدد کتابیں مل گئی ہیں
اس قدر عزت افزائی کا شکر گزار ہوں
میں سرائیکی دھرتی ۔ ادب و ادیب ۔ لوگ ۔ پیشے ۔ زراعت ۔
پانی کے وسائل گویا سرائیکی عوام کی Independency (خود مختاری)
پر ویب چینل پر ہفتے میں ایک دو دفعہ آکر انٹرویو دیتا ہوں
سرائیکی دھرتی کے ادیب شاعر ۔ مفکر ۔ محقق ۔ مصنف اور لکھاری
حضرات کا تعارف کراتا رہتا ہوں ۔ اب تک 20 اضلاع میں سے
(9) نو اضلاع کے علاوہ تھل ۔ چولستان اور دمان ویب پر بحث کر چکا ہوں
اگر آپ کی اجازت ہو تو کسی وقت صرف سرائیکی زبان پر آپ کے

دوارے سے سرائیکی لوگوں کو باخبر کر سکوں (اجازت مطلوب ہے)

بہاولپور کے محترم جناب عبدالمالک شجرہ مجھول نے ایک کتاب

"سرائیکی خزانہ" لکھی ہے ۔ سرائیکی حدود کو ضلع وار تقسیم کر کے

معلومات بہم پہنچاتی ہے جس طرح آپ کی دونوں کتابیں سرائیکی زبان

کی originality واضح کرتی ہیں ۔

آپ کی دونوں ~~[illegible]~~ کتابوں پر ~~[illegible]~~ تبصرہ بعد میں لکھوں گا

ویسے میرے علم میں ان کے پڑھنے سے بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے

میں پھر شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے یہ کتابیں لکھ کر استاد

محترم کا کردار ادا کیا ہے

آخر میں خواہش ہے کہ اگر کراچی آنا ہو تو میرا گھر آپ کا گھر ہے۔

ایڈریس یہی ہے ۔ دعوت شیراز !

والسلام

غلام مصطفیٰ

C42 عظیم گوٹھ ۔ گلشن اقبال 4A کراچی

4982600

0307 7988100

۷۸۶

[illegible]
14-12—2007

عزیز القدر عزیزی اسلم [illegible] رسول پوری ۔ سلمہ اللہ

سلام تے دعا دے بعد ۔ عرض ہے ۔ کہ میں بہوں بڈھا تھی گیاں ۔ نحیف الاعضا تھی گیاں ۔ تے نال [illegible] تئیں کم از کم [illegible] بہوں زیادہ ہے ۔ لکھن لکھاون دا شوق تے فرصت ویلے دا کم ہے ۔

ہن میں جیہاں جھلا ڈٹھا بڈھا ضعیف کیا شوق کرے ۔ نہ خون نہ رت [illegible] تے نہ کوئی ویلہ ۔ بھل [illegible] گذریں گذریں دل جاگدا اے ۔

جیہڑی ایہ غزل [illegible] یکدم ہے ہفتے ترتیب تھی گئیں ۔

ہن اپنی شاعری تے [illegible] نقش بنڑ ریہا ۔

پچھلے سال وچہ دی [illegible] گذریں [illegible] ادا ریہے ۔

اوں لکھاں دی [illegible] شکل بنڑ [illegible] کرکے

ڈیکھ [illegible] اوہ ڈیکھن کیتے بھجیساں ۔ [illegible]

لکھنڑ دی صبح [illegible] وقت کجھ اکھر تے لکھے تے شغل ادا رہیا ۔

فی الحال اللہ حافظ ۔ باقی سب خیر ہے ۔

دعاگو

نوٹ ۔ حضور ۔ جیہڑے کجھ بابوں [illegible] مسائل [illegible] ۔ بھل دی ترتیب ڈیوں تے
معافی کر ڈیو [illegible] بہوں اوکھا [illegible] ۔ [illegible] دی ۔ ولا ترتیب دی ضرورت ہے ۔
جو [illegible]

محترم برادرم اسلم صاحب!

تحیت!

امید ہے آپ مع الخیر ہوں گے!

میری کتاب "عالمی افسانے" ابھی تک آپ کی نظرِ کرم کی محتاج ہے۔ اللہ کرے کسی دن اس پر آپ کا مضمون چھپ جائے۔

آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ میں آج کل "سرائیکی ناول" پر کام کر رہا ہوں۔ یہ خاتمے کے قریب ہے۔ مجھے "چھولیاں" اور "امر کہانی" کے بارے میں مطبوعہ مضامین (آپ کے اور دیگر لکھاریوں کے) کی ضرورت ہے۔ مجھے فوری طور پر ان کی عکسی نقول بھجوا دیں۔ خصوصاً "چھولیاں" کے بارے میں جو متنازعہ بحث شروع ہو گئی تھی۔ وہ ضرور بھجوائیں۔

امید ہے گھر میں سب خیریت ہوگی۔ عزیزان کو پیار۔ خصوصاً بیٹیوں کیلئے دعائیں۔

میرے لائق کوئی خدمت؟

آپ کا اپنا

اسلم درانی

۲۵ فروری ۲۰۰۸

فون: رہائش 061-4030644

موبائل ~~0333-6058032~~

0333-6058032

ڈاکٹر اسلم عزیز درانی
وائس پرنسپل / صدر شعبہ اردو
گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج
سول لائنز کچہری روڈ
ملتان۔

مکرمی

میں آپ کو سرائیکی علاقے کے چند اضلاع

کے وہ کوائف ارسال کر رہا ہوں جو ۱۹۸۱ کی

دوم مردم شماری رپورٹ میں درج کئے ہیں ۔

کچھ اضلاع کے کوائف مجھے ابھی مل نہیں سکے ۔

میں آ فری سے اس لیے

ہم لوگ تیار شدہ مسودے سے کچھ جیونی (مکران)

جا رہے ہیں شاید لاہور دیر سے پہنچیں

نیازمند

محمد عزیز الدین احمد

۱۳- مارچ ۸۱ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرائیکی لائبریری بہاولپور

حوالہ نمبر ۷۸۷
اے ——
مورخہ ۲۳ مئی ۱۹۸۶ء
۱۳۰

مکرمی و محترمی [illegible] صاحب   سلام مسنون!

خواجہ فرید اکیڈمی [illegible] متعلق [illegible] سفر [illegible] ۔ [illegible] کتاب [illegible]!

[illegible] ہے۔

[illegible] جو [illegible] دیباچے [illegible]

[illegible] تاں [illegible] ہے۔ [illegible]

[illegible] سعادت [illegible] ہے۔

[illegible]

[illegible] ۔

[illegible] پبلشر [illegible]

[illegible] جواب ڈیسو!

[illegible] گزارش!

[illegible] مختلف [illegible]

[illegible] ۔ [illegible]

[illegible] خیال [illegible]

ماڈل ٹاؤن
بہاول پور

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Umar Kamal Khan
Advocate High Court

محترم جناب۔ محمد اسلم رسولپوری زاد عنایتہم

السلام علیکم۔ کافی عرصے کے بعد آپ نے توجہ کی ہے۔ میں تو اکثر بزم ثقافت کی مطبوعات روانہ کر رہا ہوں لیکن آج تک آپ نے رسید سے بواپسی مطلع نہ کیا۔ ابھی سرائیکی شاعری اور ارمغان خواجہ فرید روانہ کی جا رہی ہیں لیکن رسید موصول نہیں ہوئی۔ یاد رکھیں کہ آپ بزم ثقافت ملتان کی Mailing list پر ہیں۔ ہر اشاعت آپ کو بھیجی جاتی ہے [illegible] گاہے۔

باقی آپ نے خود اپنی [illegible] پر دور دراز کی لائبریریوں پر پابندی لگا رکھی ہے ہم نے پہلے تو آپ کے ذمہ علی حیدر ملتانی کا کام لگایا تھا۔ وہ نہ ہوا۔ آپ اسکی ہی تکمیل کر دیں اگر وہ نہ کر سکیں تو جدید سرائیکی شاعری (دور پاکستان [illegible]

Eiwan-e-Mohammad, Gulistan-e-Zahra, Near High Court, Multan
Phones: Res: 545089, Bar: 72304

تمام گھر والے حیران ہونگے ۔ میں تعلیم کے سلسلے میں ملتان سے باہر رہا ہوں اس لئے

جواب واپسی پر آکر لکھا گیا ہے ۔ بہت بہت مبارک

6/9/2001

..waja Mueen-ud-din Mehboob
SAJADA NASHEEN
Darbar Hazrat Khawaja Farid
KOT MITHAN SHARIF. DISTRICT RAJANPUR

Patron: Khawaja Farid Foundation Pakistan
Chairman: Khawaja Farid Academy
President: Khawaja Farid Trust

Tel: 06516-617366
0621-880340

Sajjada Nasheen Darbar Hazrat Khawaja Farid Kot Mithan, District Rajanpur

خواجہ معین الدین محبوب
سجادہ نشین
دربار حضرت خواجہ فریدؒ
کوٹ مٹھن شریف ضلع راجن پور
سرپرست : خواجہ فرید فاؤنڈیشن پاکستان
چیئرمین : خواجہ فرید اکیڈمی
صدر : خواجہ فرید ٹرسٹ

Date:..............................

محترم جناب استاد محترم محمود اسلم رسول پوری صاحب -

سلام مسنون - آپ کا نوازش نامہ موصول ہوا - آپ کی پروگرام میں شرکت ہمارے لئے ایک اعزاز کی بات تھی - لیکن اس کے ساتھ ہی جلد واپسی ایک کمی کا احساس چھوڑ گئی - یہ تمام انتظامات اور پروگرام آپ حضرات کیلئے بنایا گیا تھا - آپ کی عدم شرکت اس کو بے معنی بنا دیتی - آپ نے میوزیم اور مخطوطات کو پسند کیا - اس کے لئے علیحدہ سے شکر گزار ہوں - اگرچہ یہ تمام کاوش محنت اور انتظام مجاہد جتوئی کا حصہ ہے - اس لئے تعریف کے حقیقی حقدار بھی وہی ہیں - میں امید کرتا ہوں - کہ آپ بہت جلد ہمیں شرف میزبانی سے سرفراز کریں گے - آپ کی بیگم صاحبہ کی صحتیابی کیلئے دعا گو ہوں - اللہ تبارک وتعالیٰ ان کو صحت کاملہ عاجلہ سے سرفراز فرمائے - آمین -

آخر میں ایک چھوٹی سی گزارش - اگر رسول پور

میں خواجہ فرید کا فرزند نشین پوترث تسلسل پایا جاتا۔ تو ہم مسلسل ایسے میں رہ سکتے تھے۔ مجھے توقع ہے کہ اس بارے میں آپ خصوصی توجہ فرمائیں گے۔

والسلام

خادم معین الدین محبوب 11.2.2003
سجادہ نشین
دربار عالیہ فرید پاک مٹھن کوٹ شریف
ء 11.2.2003

KHAWAJA
Fareed Forum
KHAN PUR

خواجہ فرید فورم
خان پور

حوالہ نمبر ________
تاریخ ________

سرپرستِ اعلیٰ
خواجہ غلام قطب الدین
فون: 71401

سرپرست
شیخ فیاض الدین
فون: 72222
72121

چیف آرگنائزر
قیس فریدی
فون: 71231

صدر
میاں سجاد احمد اختر
فون: 786222
موبائل: 0300-683777

سینئر نائب صدر
پروفیسر راؤ صابر علی خان
فون: 71288

نائب صدر اول
پروفیسر عطاء محمد قریشی
فون: 4354

نائب صدر دوم
محمد طارق خان جتوئی ایڈووکیٹ
فون: 4676

جنرل سیکرٹری
پروفیسر رفیق احمد صدیقی
فون: 4411

جوائنٹ سیکرٹری
میاں عبدالحنان
فون: 5156

سیکرٹری نشرواشاعت
محمد اختر شاکر ملک
فون: 4411

سیکرٹری فنانس
مہر محمد رمضان نعیم سیال

رابطہ سیکرٹری
رانا محمد اکبر
فون: 5394

آفس سیکرٹری
شفیق احمد صدیقی
فون: 4411

لیگل ایڈوائزر
جام محمد ناصر فیاض ایڈووکیٹ

محترم جناب اسلم رسولپوری صاحب

سلامِ مسنون۔ آپ کا ۱۲ مئی ۲۰۰۷ء کا مرقومہ و فرستادہ نوازش نامہ مجھے ۱۷ مئی ۲۰۰۷ء کو موصول ہو گیا تھا مگر میں اپنی والدہ کی علالت اور ان کے علاج معالجے کی مصروفیات کے باعث اس کا جواب فوری طور پر دینے سے قاصر رہا اس کوتاہی و تاخیر کے لئے معذرت خواہ ہوں۔

آپ نے میرے انٹرویو کے حوالے سے جو کچھ تحریر فرمایا ہے وہ آپ کے حُسنِ ظنّ اور بڑے پن کی سُندرتا اور نرملتا ہے ورنہ میں اس لائق ہرگز نہیں۔ اس خُلوص و محبّت کے لئے شکریہ قبول فرمائیے۔

یہ انٹرویو جس ماحول میں غیر مُتوقّع طور پر لیا گیا اس کا قصّہ یہ ہے کہ میں ظہور دھریجہ صاحب کے بھائی کی شادی کے سلسلے میں اُن کے گاؤں دھریجہ نگر گیا ہوا تھا۔ اس تقریب میں وسیب سنگت کے محبوب تابش صاحب اور جام ایم ڈی گانگا صاحب بھی موجود تھے۔ کھانا کھانے کے بعد میں خان پور جانے کے لئے چلنے ہی والا تھا کہ ان حضرات نے مجھے گھیر لیا اور بعد اصرار و تکرار انٹرویو کے لئے آمادہ کر لیا۔ لیکن چونکہ اس کے لئے مجھے پہلے سے آگاہ نہیں کیا گیا تھا اس لئے ذہنی طور پر میں تیار نہیں تھا، یہی وجہ ہے کہ ان کے سوالوں کے جواب بھی میں نے جان چھڑانے کے سے انداز میں بے دلی کے ساتھ دئیے۔

دوسرے دن میں نے جام صاحب کو فون کر کے کہا کہ میرا انٹرویو شائع

نہ کیا جائے۔ انہوں نے پوچھا کیوں؟ میں نے کہا کہ جس انداز میں میں نے سوالوں کے جواب دیئے ہیں اس سے ہو سکتا ہے کہ میرے منہ سے کوئی ایسی بات نکل گئی ہو جس سے کسی کی دلآزاری ہوتی ہو، اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اسے شائع نہ کیا جائے مگر انہوں نے کہا کہ آپ نے کوئی غلط بات تو نہیں کی لیکن اگر مطمئن نہیں ہیں تو پھر وقت دیجئے ہم دوبارہ انٹرویو کر لیں گے۔ میں نے اس "دوبارہ" سے نجات حاصل کرنے کے لئے انہیں کہہ دیا کہ چلو شائع کر دیجئے۔ اس کے باوجود بے کلی سی مجھے رہی۔ انٹرویو کے شائع ہونے کے بعد آپ کا نوازش نامہ ملا تو نہ صرف میری بے چینی اور بے کلی دور ہوئی بلکہ بے پناہ خوشی بھی حاصل ہوئی۔ کیونکہ آپ ایسے قد آور نقاد، محقق اور دانشور کے تحریر کردہ الفاظ جہاں مجھے حوصلہ افزا لگے وہاں وہ میرے لئے سند اعزاز سے کم نہیں ہیں۔ اب اگر کوئی اس انٹرویو کے بعض مندرجات پر اعتراض بھی کرے تو مجھے اس کی پروا نہیں۔

بعض لوگ مجھے کوئی کٹر مذہبی قسم کا انسان سمجھتے ہیں حالانکہ ایسی بات نہیں ہے۔ میں کسی مذہبی، سیاسی یا ادبی گروہ سے وابستہ نہیں ہوں۔ بس ایک عام مسلمان اور شاعر ہوں۔ میری شاعری کیسی ہے؟ اس کا فیصلہ غیر متعصب نقاد ہی کر سکتا ہے۔ یقیناً میری شاعری میں بہت سی کمزوریاں بھی ہو سکتی ہیں مگر کیونکہ یہ میری اپنی تخلیق ہے۔ میں نے کہیں سے کسی انداز میں بھی اسے نہیں چرایا اس لئے میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ میری اپنی چیز ہے ورنہ میں بہت سوں کو جانتا ہوں کہ انہوں نے کہاں کہاں سے خیالات و اشعار کس کس طرح سے چرا کر اپنی شاعری کا حصہ بنایا ہے۔ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ لوگ بظاہر یا بباطن کیا کیا ہتھکنڈے استعمال کر کے منظر پر آنے اور اپنا قد کاٹھ بڑھانے کے جتن کرتے رہتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے آپ بھی یقیناً واقف ہوں گے۔ لیکن خاکسار کو ایسی حرکتیں کرنے کی نہ ضرورت ہے نہ اس کی عادت۔

بہر حال آپ کا ایک بار پھر شکریہ کہ آپ نے میری عزت افزائی فرمائی۔ احباب کو آداب۔

والسلام
خیر اندیش
قیس فریدی

قیس فریدی۔ بستی ڈاکخانہ مئو مبارک۔ براستہ ترنڈہ، رحیم یار خان۔
موبائل فون نمبر:- 0300-6589583

ڈاکٹر شکیل پتافی
ایم۔اے (سیاسیات)، ایم۔اے (اُردو)
ایم۔فل (اُردو)، پی۔ایچ۔ڈی (اُردو)

اسسٹنٹ پروفیسر اُردو
گورنمنٹ کالج، راجن پور

تاریخ ۹ ستمبر ۲۰۰۷ء

محترم و مکرم جناب اسلم صاحب

السلام علیکم ۔

اُمید ہے آپ بخیر ہوں گے۔

آپ کا نوازش نامہ مل گیا ہے، یاد آوری کا شکریہ بہت عرصہ ہوا آپ سے ملاقات کا شرف حاصل نہیں ہو سکا۔ جناب اسماعیل احمدانی کی وفات کا مجھے بہت صدمہ ہے۔ شومئی قسمت مجھے بروقت اطلاع نہ مل سکی اور میں اُن کی آخری رسومات میں شریک نہ ہو سکا۔ کسی دن حاضرِ خدمت ہوں گا۔ میری کتب آپ نے دیکھی ہوں گی۔ ابھی اسی ماہ کے آخر تک میری دو نثری کتابیں چھپ کر آ رہی ہیں۔ آپ کے ذوقِ مطالعہ کی نذر کروں گا۔ فی الحال اجازت۔

دعا گو
شکیل

رہائش: وارڈ نمبر ۳، کوٹ مٹھن ضلع راجن پور فون: 0604-317412 موبائل: 0333-6448085

بہاولپور
18، اکتوبر 04

پیارے اسلم سئیں

السلام علیکم

سب سے پہلے آپ میرا دلی شکریہ قبول فرمائیں کہ آپ نے فکر اور شوق سے مجھے یاد کیا۔

صورت حال یوں ہے کہ اپنی سرائیکی ادبی مجلس کی ایک انتظامیہ کونسل ہے جو تمام نظم و نسق کی ذمہ دار ہے۔ اسکے ہر دو سال بعد انتخاب ہوتا ہے۔ آخری انتخاب دسمبر 2002 میں ہوا۔ میں 1986ء تا 2002ء صدر مجلس رہا۔ مگر آخری انتخاب کے وقت میں نے معذرت کرلی کیونکہ میں بہت ضعیف ہو چکا ہوں۔ چنانچہ حفیظ الرحمٰن صاحب اور مشتاق علی صاحب نے بخوشی یہ ذمہ داری قبول کرلی اور انکی ٹیم نے بحیثیت انتظامیہ کونسل دو سالوں کیلئے مجھ سے چارج سنبھال لیا۔ اور میں نگران کونسل میں چلا گیا۔

مگر حفیظ الرحمٰن صاحب اور انکی انتظامیہ کونسل نے دو سالوں میں مجلس کا یہ حشر کیا ہے کہ لاکھوں روپوؤں کی آمدنی خرچ کا کوئی حساب مرتب نہیں کیا۔ آڈٹ رپورٹ پڑی ہے کوئی جواب نہیں بن پڑتا۔ نہ انھوں نے بروقت 2004ء کے انتخاب کی تیاری کی۔ نہ سہ ماہی 'سرائیکی' مجلے کا کچھ پتہ ہے۔ دو سالوں میں 8 رسالے شائع ہونے تھے، صرف ② شائع ہوئے ہیں۔ اشاعت کتب کا کوئی پتہ نہیں۔ نہ کبھی انھوں نے نگران کونسل سے منظوری کیلئے کچھ مواد بھیجا۔

مجبوراً مجھے بحیثیت کنوینر 'نگران کونسل' Emergency لگانی پڑی۔ اب اپنی نگرانی میں نئے انتخابات منعقد کرا کر نئی انتظامیہ بحال کردونگا۔ حالات خوش کن نہیں مگر ان سے منہ کیسے موڑا جا سکتا ہے۔ مجلس گمنام اور بدنام ہو چکی ہے۔ دفتری کام بند ہے۔ میں اکیلا سب کام خود کر رہا ہوں

دعا فرمائیں کہ مجلس بحال ہو جائے۔ والسلام

National Language Authority
(CABINET DIVISION, GOVERNMENT OF PAKISTAN)
H-8/4, PITRAS BOKHARI ROAD,
ISLAMABAD(PAKISTAN)
PABX: 051-9250311, 9250312, 9250313
FAX: 051-9250310
E-mail: nlapak@apollo.net.pk
TELEGRAM:"APNIZABAN"

مقتدرہ قومی زبان
(کابینہ ڈویژن، حکومت پاکستان)
ایچ ۸/۴، پطرس بخاری روڈ، اسلام آباد (پاکستان)
پی اے بی ایکس: ۰۵۱_۹۲۵۰۳۱۱، ۹۲۵۰۳۱۲، ۹۲۵۰۳۱۳
فیکس: ۰۵۱_۹۲۵۰۳۱۰
ای میل: این ایل اے پاک@اپالو۔نیٹ۔پی کے
تار کا پتہ: ''اپنی زبان''

Ref. No: 2756 حوالہ نمبر:

Dated: تاریخ: ۳۰/ ستمبر ۲۰۱۱ء

محترم اسلم رسول پوری صاحب

السلام علیکم

''اخبار اردو'' کے لیے سالانہ چندے کی مہم کے باعث آپ کا نام اعزازی ممبران کی فہرست سے حذف کر دیا گیا تھا تاہم جناب صدر نشین نے ہدایت فرمائی ہے کہ آپ کے نام **''اخبار اردو''** فی الفور جاری کیا جائے جس کا علامتی چندہ اُنھوں نے ازخود دفتر میں جمع کروا دیا ہے اور اب ہر ماہ **''اخبار اردو''** آپ کو باقاعدگی سے ملتا رہے گا۔

اُمید ہے مزاج گرامی بخیر ہو گا۔

مخلص

(عارف حسین)

معتمد خاص برائے صدر نشین

بخدمت گرامی:

محترم جناب اسلم رسول پوری
ایڈووکیٹ جام پور،
ضلع راجن پور۔

485

مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد

رسید نمبر 10958 کتاب نمبر 110 تاریخ 29/9/14

جناب سلیم رسول پوری سے مبلغ 300/- روپیہ ...... پیسہ

(لفظوں میں) تین سو روپے بذریعہ چیک/نقد بابت

چندہ اخبار اردو وصول پائے

دستخط وصول کنندہ : دستخط افسر حسابات/افسر انتظامی

Khawaja Mueen-ud-din Mehboob
SAJADA NASHEEN
Darbar Hazrat Khawaja Farid
KOT MITHAN SHARIF, DISTRICT RAJANPUR
Tel: 06516 - 617484 - 617366
0621 - 860340

خواجہ معین الدین محبوب
سجادہ نشین
دربار حضرت خواجہ فریدؒ
کوٹ مٹھن شریف ضلع راجن پور

Date..........................

مکرم و محترم استادیم محمد اسلم صاحب بہاول پوری۔

وعلیکم السلام و رحمت اللہ۔ آپ کا نوازش نامہ جب بھی موصول ہوتا ہے۔ اُسے اپنے لئے ایک اعزاز اور سعادت سمجھتا ہوں۔ جہاں تک مشورہ دینے کا تعلق ہے۔ میں کیا۔ اور میرے مشورے کیا۔ یہ آپ کی عزت افزائی ہے۔ کہ آپ اس طرح کے جملے لکھ کر میرے حوصلے کو بڑھاتے ہیں۔ یہ بات طے شدہ ہے۔ کہ آپ نے ہی مشن فرید کیلئے ہماری رہنمائی کرنی ہے۔ خاندانِ فرید پر آپ کے کام کی اشد ضرورت ہے۔ اگر یہ کام میری زندگی میں نہ ہو سکا۔ تو اس کی کمی کا احساس ہمیشہ رہتا۔ انٹرنیٹ کے لئے ویب سائٹ ویڈیو [illegible] پر کام جاری ہے۔ وسائل اور مسائل کی جنگ اس میں تاخیر کا باعث بن رہی ہے۔ انشاءاللہ یہ کام بھی ہمارا نصیب اور اعزاز بنے گا۔ ایک دو دن میں پہلے ملتان جانا ہے۔ راستے میں کوشش کروں گا۔ کہ آپ کا سلام کر کے آگے جاؤں گا۔ اس خط کے ملنے سے پہلے انشاءاللہ آپ سے ملاقات ہو جائے گی۔

والسلام

معین
خواجہ معین الدین محبوب
سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت خواجہ فرید
7-5-02
کوٹ مٹھن شریف۔ ضلع راجن پور

از کراچی
7.6.۰۲

محترم جناب اسلم صاحب رسولپوری

سلام - آج صبح جناب محترم اسمٰعیل احمدانی کی وفات کی اطلاع ملی - انا للہ و انا الیہ راجعون -

ہم سب علمی دولت سے محروم ہو گئے۔ اُن کی قومی خدمات تو باقی رہیں گی مگر سرائیکی کاز کو کون پورا کریگا؟

آپ کی دونوں ارسال کردہ کتابیں پڑھ لیں ہیں اور آپ کا دوسرا خط بھی موصول ہو چکا ہے۔ آپ کی کتابوں پر تبصرہ کرنا میرے بس کی بات نہیں البتہ ان کتابوں کے پڑھنے سے دوستوں اور دانشوروں میں بیٹھنے کی صلاحیت ہو گئی ہے میں لندن میں برٹش لائبریری میں لنگوئسٹک بک کا مطالعہ کر رہا تھا جو اسقدر ضخیم تھی کہ مکمل مطالعہ کیلئے ایک عرصہ چاہیے تھا جو میرے پاس نہیں تھا مگر ان دو کتابوں سے مختصر وقت میں بہت

حقیقت

کہاں سے آئی ہیں۔ کیسی بنی ہیں۔ ارتقائی منازل کتنے ہیں

سمر ایکی تہذیب، پانچوں تہذیب کیسے بنی ہے۔

یوروپی آریہ اور پاکستانی آریہ نسل کا ملاپ کیسے ہوا۔ گویا آپ

نے تمام برِاعظموں کے خدوخال (لسانی) ملا دئے ہیں۔

قدیم قبیلوں کو nomade کی شکل میں دکھا کر

زبانوں کا ملاپ اور رابطوں کا ذریعہ ثابت کر کے

زبانوں کی ابتداء اور ارتقاء کا ثبوت اہل زبان کو دے دیا ہے

گویا اب یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ محترم اسمٰعیل احمدانی کی

فنا کو آپ نے بقا دے دی ہے۔

آپ کے محققانہ کام نے آنے والوں کیلئے ایک درس کھول دیا

ہے جس سے حاضرین بھی فائدہ اٹھا رہے ہیں اور آنے والی نسلوں کو

راہِ مستقیم دکھا دیا ہے۔ جو آپ کے باقی ہونے کا ثبوت ہے

آخر میں آپ کی درازیٔ حیات کیلئے دعا گو ہوں اور اس کام (کاز) کو جاری رکھنے

کی استدعا کرتا ہوں والسلام غلام مصطفیٰ

گلشن اقبال بلاک 4A - عظیم گوٹھ کراچی

بشیر احمد بیتاب

چیف ایڈیٹر
سُنجان

- محراب سخن
- بیتی رُت کا حساب
- ڈونگھے زخم ہجر دے
- موج اشک
- دوآبہ سے مہران و پنجند تک

شوکت ماڈل فارم، گوٹھ عالو، پوسٹ بکس نمبر 54، صادق آباد فون: 0702-781232

برادر عزیز محمد اسلم صاحب ایڈووکیٹ

السلام علیکم۔ آپ کا نوازش نامہ نظر نواز ہوا۔ ذرہ نوازی کا شکریہ۔ رسالے پر آپ کا تبصرہ علم و ادب سے آپ کی وابستگی کا غماز ہے۔ آئندہ پرچے میں اسے شامل اشاعت کریں گے۔ ہاں آئندہ پرچے کے لئے آپ کا کوئی مضمون یا کلام بھی آنا چاہئے۔ امید ہے مہربانی فرمائیں گے۔

کبھی موقع ملے تو صادق آباد کا پروگرام بنائیں۔ مجھے بے حد خوشی ہو گی۔

میجر فاروق اور سردار کریم کو میرا سلام پہنچا دیں۔ شکر گزار ہوں گا۔

عزیزان کو دعا۔

والسلام

بشیر احمد بیتاب

پوسٹ بکس 54
صادق آباد
64350

15-10-04

۱۱

جناب اسلم رسولپوری صاحب!

ہم اپنے سنٹر سے اردو زبان میں ایک کتاب "پاکستانی ادبیات کے نمایاں رجحانات (۱۹۴۷-۸۵)" شائع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اس سلسلے میں پہلی جلد پر تیاری کا کام شروع کر دیا گیا ہے، جس سلسلے میں سرائیکی ادبیات کا حصہ بھی شامل ہوگا۔ اسے تحریر کرنے کے لئے آپ سے درخواست ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ آپ اپنے مقالے میں مندرجہ ذیل موضوعات پر بحث کریں

۱. ادبی ورثہ (۱۹۴۷ سے قبل کا ادبی پس منظر)

۱۹۴۷-۸۵ء

۲. سماجی، اقتصادی اور سیاسی مظاہر
۳. مقامی تشخص کا سوال
۴. قومی یکجہتی

— دوسرے، تیسرے اور چوتھے حصے کی بحث ۱۹۴۷ اور ۱۹۸۵ کے درمیانی دور کے سرائیکی ادب پر محیط ہوگی۔

— ان موضوعات میں آپ شاعری، افسانہ، ناول اور ڈرامہ کی مثالوں سے بحث کر سکیں گے۔

— یہ جائزہ ۵۰ صفحات سے کم نہیں ہوگا

— یہ ۱۵ مارچ تک موصول ہو جانا چاہئے۔

— موصول ہونے والے اور اسے معیار کے مطابق پانے کے بعد آپ کو مبلغ دو ہزار روپیہ بطور اعزازیہ پیش کیا جائے گا۔

— اس کے حقوق سنٹر کے پاس رہیں گے

امید ہے، اس سلسلے میں آپ تعاون فرمائیں گے جلد ہی کام شروع کر دیں۔ شکریہ

پیارے دوست اسلم رسولپوری!

برسوں سے ملاقات نہیں ہوئی لیکن آپ کو یاد ہمیشہ کیا ہے

اب ملاقات بھی ہو جائے گی۔ مارچ کے پہلے ہفتے میں ۔ تفصیلی
باتیں تو ملاقات پر ہوں گی لیکن ایک اہم بات کے لئے خط لکھ رہا ہوں
تاکہ تاخیر نہ ہو جائے۔

آپ کو سن کر خوشی ہوگی کہ کراچی یونیورسٹی کے
اسٹڈی سنٹر کے ادبیات کے پرچے ہیں۔ میں نے سرائیکی زبان
اور ادب کا ایک سیکشن بھی رکھا تھا، سندھی، پنجابی، پشتو اور بلوچی
کے ساتھ ۔ ~~اب میں نے ایک کتاب کی~~ جو باقاعدگی سے جاری
ہے ۔

اب میں نے ایک کتاب کی ~~[illegible]~~ [illegible] کی منظوری
لی ہے۔ جس میں پنجابی، سندھی، سرائیکی، کشمیری (پہلی
جلد)، پشتو، بلوچی اور براہوئی (دوسری جلد) اور ان
اور ان قومی زبانوں کے ادب کا اردو ادب سے تقابلی جائزہ
(تیسری جلد) جیسے موضوعات شامل ہوں گے۔ میں نے کافی
سوچ بچار کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ سرائیکی ادب والا حصہ
آپ لکھیں ۔ پنجاب یونیورسٹی کی تاریخ ادبیات میں سرائیکی
یا کسی بھی زبان کے بارے میں جو کچھ لکھا ہوا ہے۔ میں
چاہتا ہوں اس کتاب میں اس سے واضح اجتناب کیا
جائے ۔ یہ جائزہ ۱۹۴۷ء کے بعد کے ادب کا ہوگا
میری خواہش ہے کہ بین السطور ترقی پسند نقطۂ نظر جھلکے
لیکن یہ عام سا جائزہ ہونا چاہئے

کھلم کھلا اظہار کی بجائے بات کے اپنی بات کو ڈھکے چھپے انداز میں رکھا جائے لیکن رکھا ضرور جائے۔ امید ہے آپ سمجھ گئے ہوں گے۔

یہ کام جلدی کرنا ہے تاکہ مارچ میں مسودے کو فائنل کیا جا سکے۔ منصوبے کی باقاعدہ تفصیلات دوسرے کاغذ پر ہیں۔

امید کرتا ہوں کہ واپسی ڈاک سے آپ اپنی رضامندی سے مطلع فرمائیں گے اور ساتھ ہی اس کام کو بھی شروع کر دیں گے۔ شکریہ

آپ کا

احمد سلیم

B-206, House
13-D/1, Block
Gulshan-e-Iqbal
Karachi

برادرم اسلم رسول پوری !

آپ کا خط اور مقالے کا پہلا حصہ مل گیا ہے - میں
نے سوچا اسے پڑھنے کے بعد ہی آپ کو خط لکھوں -
تاریخی پس منظر اور پاکستان کے ابتدائی
دور کی حد تک یہ مناسب ہے ، اور اسی سے زیادہ تفصیل
کی ضرورت بھی نہ تھی لیکن 1964ء کے بعد سے ، میں چاہتا ہوں ذرا
زیادہ تفصیل سے بات ہو - آپ کے خط سے یہ تاثر ملتا ہے کہ
آپ نے کام مکمل کر لیا ہے - اس لئے اسے فیئر کرتے ہوئے
آپ اس میں ضروری اضافے کر سکتے ہیں - یعنی آپ
کے ہاتھ کے لکھے ہوئے کم از کم ۵۰ صفحات مزید ہونے چاہئیں
یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ یہی دور دراصل سرائیکی
ادب کا اہم ترین دور ہے جس میں مقامی رنگ اور تشخص
کی جدوجہد غالباً اس ادب کا نمایاں ترین رنگ ہوگا - آپ
نے اس جدوجہد کو تفصیل سے زیر بحث لانے کے بعد اس
میں سماجی ، اقتصادی اور سیاسی سوالات کی جھلکیاں جو
ہوں گی) قومی یکجہتی کی جدوجہد کے ساتھ جوڑ کر دکھانا
ہے - مجھے یقین ہے آپ کا کام انہی سمتوں میں مکمل
ہوا ہوگا -

جہاں تک مقالے کی منظوری کا سوال ہے
آپ کے مضمون کے پہلے حصے کو دیکھ کر کہہ سکتا ہوں کہ
ری میں کوئی دقت پیش نہیں آئے گی - امید ہے آپ
[illegible] دن کے اندر پورا کام بھیج دیں

UNITY
SOLIDARITY
BROTHER HOOD
STRUGGLE
LANGAH

Nukhbah Langah
278-Eden Cottages, Defence, Lahore. Pakistan
Phone: 0303-7553291, E-mail: nukhbahlangah@hotmail.com
0300-9428679.

12 Feb 2002
Lahore.

محترم اسلم رسولپوری صاحب

خط کا شکریہ۔

میں نے چشتی صاحب کا پتا لگوایا ہے۔ وہ آجکل لاہور میں ارشاد امین کے اخبار کے لیے کام کرتے ہیں۔ امجد صاحب لاہور میں ہی ہیں اور ان کی ملاقات ارشاد صاحب سے ہوتی تھی۔ ہم ایک میٹنگ چشتی صاحب سے کرنے کا سوچ رہے ہیں۔ اُمید ہے کامیابی ہوگی!

میں نے کامران اعجاز بلوچ سے کہہ دیا ہے کہ میں اُن کے ویب سائٹ کے لیے کام نہیں کر سکتی۔ کیونکہ ہمارے نظریات الگ الگ ہیں۔ اور میں کوئی بدمزگی پیدا کرنا نہیں چاہتی۔

باقی سب خیریت ہے۔ آجکل شاعری وغیرہ کا بھی وقت نہیں اور نہ ہی کوئی اچھی ادبی کتب پڑھنے کا۔ جس کا مجھے بے حد رنج ہے مگر کیا کروں وقت بہت تیزی سے گزرتا ہے اور کام نہ ختم ہونے والے ہیں۔

بہر حال آپ رابطہ رکھیے اور اپنی بیٹی ثروت کو میری طرف سے سلام دیں ۔

دعاگو

خاور منظور

رنتھورا تی بجور
3 . 3 . 86

بزرگ محترم اسلم رسول پوری صاحب

السلام علیکم ۔ امید خیریت بخیریت ہوگی ۔
میں مدت سے جناب کے نام نامی گرامی
سے واقف ہوں ۔ مگر یہ تعارف صرف غائبانہ
ہے ۔ میں آپکے ادبی ذوق و شوق اور
ادبی رجحان کو نہایت قدر کی نگاہ
سے دیکھتا ہوں ۔ خدا کرے آپکی
عظمت کو چار چاند لگ جائے ۔
شنید میں آیا ہے ۔ آپ نے پی ایچ ڈی
کر لی ہے ۔ بہت زیادہ خوشی ہوئی ہے

فرصت کے لمحات میں جناب زیارت
سے شرف یاب ہونے کا شوق رکھتا ہوں۔
مگر کنج تنہائی میں گدڑ کا لعل بنے
رہنے میں دلی قلق ہوتا ہے۔

فقط آپ کا نیازمند۔

قاضی سعید احمد S.S.T.
گورنمنٹ مڈل سکول شہداد
تائیور تحصیل و ضلع
ڈیرہ غازیخان

جناب معتقدین کے حلقہ میں
شامل اسمیں بہت
زیادہ ذرہ نوازی ہوگی

برادر محترم محمد اسلم رسول پوری صاحب

سلام اخلاص

طالب خیریت بخیرا

گذشتہ روز قبلہ احمدانی صاحب نے مزید مواد بھیجا ہے پہلے تو خیال تھا کہ
دوبارہ ترتیب دے کے سارا مواد نظر ثانی کر کے ہمراہ اپنے بھیجوں لیکن اگر چہ
فہرست میں درج مسودہ میں آ گیا تھا پہلا بھیجا ہوا ترتیب درست ہو گا اب
نکال کر نیا لگا دیا اور دیکھتا رہا کہ [illegible] [illegible] لگا کر اجازت
کے سپرد کر دیا ہے پریشان ہو رہے ہیں۔

کتابت کا اندازہ یہ ہے کہ مجھے ڈیلیٹ (ـــــ) کی وجہ سے
محترم احمدانی صاحب کے لکھے ہوئے ایک صفحہ کتابت کے کاغذ پر ڈیڑھ صفحہ
میں سوا صفحہ، کہیں پونے صفحہ، کہیں پورا صفحہ برابر ہو رہا ہے۔ مثال کے طور
پر اگر احمدانی صاحب کے دس صفحے ہیں تو وہ کتابت کے صفحات
12 یا 13 کم یا زیادہ ہو سکتے ہیں کتاب بہت زیادہ ضخیم ہونے کا اندیشہ
ہے جیسا کہ میں نے کہا تھا تقریباً 125 صفحات کی کتاب ہو گی بہر حال کام جاری
ہے دیکھئے کیا ہو گا - تمام مواد کو لکھا رہا ہوں [illegible]
اب آپ ٹائٹل اور بیسٹ [illegible] کی طرف توجہ فرمائیں۔
ہمت دلا دیں [illegible] جا رہی ہے فرائض میں اضافہ ہو رہا ہے
سنبھالنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہوں کہ خود کو خود ہی سنبھالوں
فقط والسلام آپ کا [illegible]
[illegible] بخاری
12/7/96

PHONE........

Afkaar Academy
B - Model Town
BAHAWALPUR

افکار اکیڈمی
26 بی - ماڈل ٹاؤن
بہاولپور

Ref.No..............

تاریخ ۱۹۔۵۔۸۳

برادر محترم سئیں محمد اسلم رسولپوری صاحب !

السلام علیکم :-

مزاج گرامی!

نوازش نامہ ملا۔ بیحد ممنون ہوں ۔

سرائیکی ادبی مجلس تا حال بحران کا شکار ہے انتظامی ڈھانچہ تا حال [illegible]
عبوری ہے۔ رحیم شاہ صاحب نے مطبوعات کی ذمہ داری دے دی ہوئی [illegible]
[illegible] سیٹھ عبید [illegible] کی کتاب [illegible]
[illegible] چھپ رہی ہیں

[illegible] ۱۹۷۹ [illegible]

[illegible]

Masood Jhandir Library

ھُوَ الرَّؤُف

۹۲

Sardar Pur Jhandir
Post code 61240
Mailsi - Punjab
PAKISTAN

430 786
430 787 06515
E-mail jhandir@hotmail.com

۱۰ جون ۲۰۰۷ء

محترم جناب قبلہ اسلم رسولپوری صاحب زید مجدہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ امید واثق ہے کہ آنجناب کے مزاج بخیر ہوں گے۔

دو عدد کتب باعث نوازش ہوئیں۔ یاد آوری کا شکریہ قبول فرمائیں۔ خوبصورت ٹائٹل معیاری کاغذ اور اعلیٰ طباعت کا حسین مرقع ہیں۔ دعاگو ہوں کہ خدا کرے اور زورِ قلم زیادہ ہو۔ اور یونہی آپ ملک و قوم کی بھلائی کیلئے لٹریچر فراہم کرتے رہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ آپ نے دستخط کرنا نہیں بھولا۔ دستخطی کتاب کی اہمیت ذرا بڑھ جاتی ہے۔ ایک یادگار بن جاتی ہے۔

امید رکھتا ہوں کہ آئندہ بھی تعاون جاری رہے گا۔ صرف دعاؤں میں یاد رکھیں۔

والسلام

احقر

Established as a private library in 1890. Now open to post-graduate research scholars since 1980.

Date:

رحیم یار خان

۳۱ جنوری ۲۰۰۰

محترم و مکرم جناب محمد اسلم رسولپوری صاحب

سلام مسنون۔ بخیریت و خیریت

مطلوب

میں اپنی کتاب "فرید نامہ"

ارسال کر رہا ہوں۔ امید ہے

بذریعہ جوابی خط تبصرہ فرمادیں گے

السیار مشکور

نیاز مند

محمد اسلم متیلہ

رسول نگر رحیم یار خان

سلام اورعزت

خدا آپ کو صحت کامل عطا کرے۔ کیونکہ آپ نے صرف سرائیکی قوم اور زبان کے لیے بلکہ اس ملک کی تمام مقامی، اصلی اور محکوم ~~[illegible]~~ زبانوں کے لیے ایک اصول اٹھائے ہیں۔ آپ نے پتہ ہے کہ رسم الخط کے لیے دراوڑی خط کے بارے میں لکھا ہے، بجا ہے لیکن میرا خیال ہے یہ معلوم کرنے کی زیادہ ضرورت ہے کہ دراوڑ کون تھے؟ اور کہاں سے ہو کے ادھر آئے اور کب آئے؟ ان کا روٹ معلوم ہو جائے، تو پھر جن راستوں سے وہ آئے ہیں۔ انہی راستوں پر ہم ان کی باقیات کا کھوج انہیں بیشتر تحریف ناموں میں معلوم کر سکتے ہیں۔

دوسرا یہ کہ ہم پرانے دشمنوں (قبیلہ آریائی) کہ کوئی ایک خالص خون اور زبان والی قوم جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ بس جایا کرتی تھی بلکہ اسی تمام ماحول دور علاقے کے تھا) لوگ جن کی نسلیں اور زبانیں اسی میں تحریف ہوا کرتی تھیں۔ لیکن یہ ایک علاقائی کشمکش کی لحاظ پر اسی میں ایسا کرتے تھے۔ پھر وقت کے ساتھ ساتھ ان تحریف الخیال قبائل میں جس قبیلہ کو کسی وجہ سے برتری حاصل ہو جاتی۔ تو ان کی زبان رسم و رواج اور زبان آگے چلی جاتی اور باقیماندہ لوگ اسے اختیار کر لیا کرتے۔ اسی وجہ سے آج ہم جابجا زبان ایرانی ہو یا سامی ہو یا دراوڑی وغیرہ ہو۔ اس میں آج دیگر زبانوں کے الفاظ، اصطلاحات اور محاورات پائے جاتے ہیں۔

[illegible] پہلے میں ایک مقالہ (اردو آباد کے رسالے) کے لیے شروع کر چکا تھا۔ کوئی دو ہفتے قبل امریکی ان ہفتوں میں زیادہ تر گھر سے باہر رہا۔ اس لیے وہ مکمل نہ کر سکا۔ اٹلانٹک رسالے کو تیراہی Tirahi ایک گمشدہ زبان پر ایک مضمون بھیج دیا۔ اس زبان پر گریرسن اور جارج مارگنسٹرن نے کوئی 150 سال قبل کچھ تھوڑا کام کیا تھا۔ لیکن چونکہ یہ اس وقت بھی معدوم ہونے والی تھی۔ اس لیے ان کو زیادہ نمونے نہ مل سکے۔ اس زبان کے بولنے والے ان دنوں میں تیراہ Tirah خیبر ایجنسی میں آباد تھے پھر وہیں سے ہجرت کر کے افغانستان کے جلال آباد کے قریب کے پہاڑوں میں واقع [illegible] گاؤں میں بس گئے۔ اب جو میں کابل گیا ہوا تھا، تو ایک دو دن ان لوگوں سے ملنے گیا تھا۔ 20 لوگ باقی رہ گئے، بڑھے اچھے لوگ تھے، زبان بھول چکے تھے اور پشتو اپنا چکے تھے، پر چند جملے یا الفاظ یا محاورے اور گنتی ان سے لکھ کر لے آیا۔

سرائیکی اور دردی میں اصوات کے اختلاف پر زیادہ خوشی نہ ہوں۔ یہ تو ان کا رشتہ دو ڈیڑھ ہزار سال کا پرانا ہے۔ اتنے لمبے عرصے میں جب دردی زبان گمنامی میں چلی جاتی اور سرائیکی زندہ رہا، تو اصوات میں تو اختلاف واقع ہونا ہی تھا۔ یہ تو اگر دو زبانوں کے درمیان کا فاصلہ نہ بھی ہو، تو ایک ہی زبان میں بھی ابتدا میں 250 سال بعد میں 1000 سال اور اس سے اور زیادہ سالوں میں بہت سی تبدیلی آ جاتی ہے۔ آپ نہیں دیکھتے کہ اردو ایک آریائی زبان ہے، لیکن اس کے اصوات میں دراوڑی اور منڈاری زبانوں کا کتنا بڑا دخل ہے۔

اگر آپ شینا Shina زبان، انڈس کوہستانی زبان اور کالام کوہستانی زبانوں کی اور بھی

پر نظر رکھیں۔ چونکہ آج کل کی دردی زبانوں پر پشتو زبان کا سخت اثر رہتا ہے۔ خود
لا محالہ ان کی آوازوں، گرامر، محاورے، اصطلاحات وغیرہ میں فرق آنا ایک فطری عمل ہے۔
آپ کسی نہ کسی طریقہ سے وراچڈ، اپ وراچڈ اور بعیل زبانوں پر کچھ ابتدائی چیزیں
حاصل کریں۔ تو پھر آپ کو Proto Dardic کا پتہ چل جائے گا۔
ہمارے ہاں بڑی مصیبت یہ ہے۔ کہ لسانیات پر کوئی بھی اچھی اور مستند کتاب نہیں ملتی۔ تمام
یونیورسٹیوں میں گریرسن کی کتاب سامنے رکھ کر کام چلایا جاتا ہے۔

یہ بات بھی ضروری نہیں کہ دردی اور سرائیکی کی تمام آوازیں سو فیصد یکساں ہوں۔
آپ پشتو کی مثال لیں۔ پہلوی، ژند، قدیم پارسی، پشتو، روس کی اوسیٹک، برکی
وغیرہ تمام مشرقی ایرانی گروپ میں ہیں۔ لیکن پشتو میں ڈ، ژ، ٹ، خ، ڼ، ږ
کی آوازیں شامل ہیں۔ جو اس گروپ کی تمام زبانوں میں نایاب ہیں۔
پالی ایک ضروری زبان ہے۔ لیکن اس پر کام کون کرے۔ کسی کو تو پتہ بھی نہیں کہ پالی کیا تھا
اور کہاں بولی جاتی تھی۔ لوگوں کو اپنے گریڈوں، تنخواہوں اور ترقیوں سے سروکار ہے
علمی اور تحقیقی کاموں سے نہیں۔ اور جن لوگوں کو تحقیق کا شوق ہے۔ ان کے پاس وسائل نہیں
ہیں۔ اور جاننے کے باوجود کوئی بھی ادارہ ان کو سہولیات دینے کو تیار نہیں۔ کیونکہ الٹا
ان کا پول کھل جاتا ہے۔

بروشسکی پر تو میرا پہلا کام 1985ء میں چھپا تھا۔ پھر اس کے بعد وقتاً فوقتاً کچھ مضامین
وغیرہ چھپتے رہے۔ پچھلے سال (اسلام) یونیورسٹی نے اس پر میرا ایک تقابلی مضمون بھی چھپوایا ہے۔
اب میری کتاب لاہور میں ہے۔ ابھی تک آئی نہیں۔ لیکن ناشر کو زلزلہ میں بہت زیادہ نقصان پہنچا تھا (ان کا
تعلق بالاکوٹ سے ہے) اس لیے چھپائی میں بہت دیر ہو گئی۔ اس میں میں نے بروشسکی زبان کے اصل نسل
کے بارے میں بالکل ایک نیا نظریہ پیش کیا ہے۔ میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ میرا نظریہ درست ہی ہوگا البتہ کام
کرنے والے لوگ ان خطوط پر سوچیں گے ضرور۔
آپ سندھی، ہندکو، کھیترانی، سرائیکی کے الفاظ، محاورے اور خصوصاً جنسی اعضاء کے نام اور ان
سے متعلقہ کام مثلاً آگے پیچھے کے نام، ماہواری، مباشرت، ختنہ، خصوصی اعضاء پر بال۔ ان کی صفائی
بلوغت کے آثار کے نام، پستان، پیشاب، احتلام وغیرہ۔ کیونکہ یہ وہ بنیادی چیزیں ہیں جو کوئی بھی قوم
کسی دوسری سے ادھار نہیں لیتی۔ اب آپ دیکھیے ماہواری، حیض، یا دہ لباری ہونا، پھول آنا وغیرہ
یہ نہ سرائیکی کے الفاظ اور نام ہیں اور نہ پشتو، سندھی یا کھیترانی کے۔ یہ تو ہم پر [illegible] کسی قدیم زبان کا [illegible]
سے ہم میں در آئے ہیں۔ معلوم نہیں اردو میں اسے کیا کہتے ہیں، جب گائے یا بھینس ایک خاص آواز نکالتی ہے۔ اور بیل
[illegible] کہتی ہے۔ پھر جب وہ گابھن ہو جاتی ہے۔ پھر جب اس کا پہلا دودھ آتا ہے۔ اسی طرح جانوروں، مویشیوں
[illegible] ان اعضاء کے نام الگ ہیں۔ حالانکہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] 352 [illegible]

[illegible] 187 [illegible]

[illegible] 140 [illegible]

[illegible]

Intr: Where spoken
Name of [illegible]
[illegible] bouring dialects
[illegible] with [illegible]
Dialects
Standard Landi
Multani Landi
Siraiki
Khetran
Thali
North Western Dialect
North Eastern "

Landa Grammar upto 272 pages.

Landa of شاہپور
خوشاب - جھنگ - ملتان پور
شاہپوری - لاہور
گجرات گوجرانوالہ

Molani — 301
" of تھلوچی
بہاولپوری - [illegible]
لہندی ڈیرہ غازی خان
سرائیکی لہندی — of upper Sindh
کھیترانی - جٹکی
North Western Lahnda 431 →
Lahnda of the Salt Range - 433
اعوان کاری - ہندکو کوہاٹ
گھیبی
پوٹھواری
لہندا آف پل کنڈالی
Standard list of words & Sentences
N. Eastern Lahndi - pg 522 →

upto 590 = 357 کل صفحے

عنوانی صفحے

تعارف — 8 صفحے

لہندا لسوتی بنی
تعارف ۔ سیبانہ زبانیں گرامر
233 تا 272
39 صفحے

ملتانی سرائیکی ۔ ڈیرہ وال ۔ شاہپوری
جھنگ جہلم میانوالی [illegible]
[illegible] ←
272 تا 412
140 صفحے

شمال مشرقی لہندا
عجم ورناعی
ہندکو سوکھ ناری وغیرہ
پہاڑی وغیرہ

دیباچہ 8
دیگر 233 تا 412 = 179
187 کل صفحے

سارا حصہ صحیح تمام مستقل زبانیں
دیباچہ 8
دیگر 233 تا 590
362 = 8+357

Mian SIRAJ-UD-DIN SANWAL
Senior Vice President:
Rajput Welfare Association
Compiler:
Najam-ul-Lughat (Saraiki, Urdu)
Divisional Warden:
Civil Defence Organization

میاں سراج الدین سانول
سینئر نائب صدر : راجپوت ویلفیئر ایسوسی ایشن
مؤلف : نجم اللغات (سرائیکی ۔ اردو)
ڈویژنل وارڈن : تنظیم شہری دفاع

Date: 20.6.07

بخدمت گرامی قدر محترم محمد اسلم صاحب ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ ۔ مزاج گرامی؟

برادرم سردار اسماعیل احمدانی کی وفات کا سن کر بے حد افسوس ہوا ۔ انا للہ و انا الیہ راجعون ۔

ایسے لوگ بہت کم پیدا ہوتے ہیں جو قوم اور ملک سے پیار کرتے ہیں ۔ بہرحال قوم اور ملک اور مادری زبان کی خدمت کا جو کام وہ بطور یادگار چھوڑ گئے ہیں وہ انہیں ہمیشہ زندہ و جاوید رکھے گا ۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ مرحمت فرمائے ۔ آمین ۔

میں ~~[illegible]~~ بیگم اور آپکے جملہ خاندان و دیگر متعلقین کے اس غم میں برابر کا شریک ہوں ۔

ہر لحاظ تعزیت تاخیر سے لکھنے کی معذرت چاہتا ہوں ۔ اس لئے کہ لغت کی کمپوزنگ میں بے حد مصروفیت رہتی ہے ۔ جو کہ اب قریب الاختتام ہے ۔ اس مصروفیت کے سبب بروقت اظہار تعزیت نہ کر سکا توقع ہے ۔ معذرت قبول کرینگے ۔

بندہ کے لائق کوئی خدمت ہو ۔ عزیزان و احباب کو سلام ۔

السلام
آپکا سانول
20/6/07

068-5871212
0301-6556700

جھوک سانول ۔ قمر آباد ۔ رحیم یار خان ۔ فون رہائش ۔ (0731) 71212

Khawaja Mueen-ud-din Mehboob
SAJADA NASHEEN
Darbar Hazrat Khawaja Farid
KOT MITHAN SHARIF, DISTRICT RAJANPUR
Tel: 06516 - 617484 - 617366
0621 - 880340

خواجہ معین الدین محبوب
سجادہ نشین
دربار حضرت خواجہ فرید
کوٹ مٹھن شریف ضلع راجن پور

Dated..........................

محترم المقام جناب محمد اکرم رسول پوری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

امید ہے آپ خیریت سے ہونگے

آپکا بھیجا ہوا خط ہمیں موصول ہو گیا ہے مگر خواجہ صاحب ان دنوں اسلام آباد گئے ہوئے ہیں شاید ہم اگست تک واپس آئیں جونہی آپ قصر فرید تشریف لائیں گے تو ہم پہلی فرصت میں آپکا خط خواجہ صاحب کی خدمت میں پیش کر دیں گے۔

امید ہے کہ آپ ہمارے ساتھ مزید رابطے میں رہیں گے

والسلام

آپکا نیاز مند
14-7-02
میاں محمد افضل فریدی
قصر فرید کوٹ مٹھن شریف
ضلع راجن پور۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نکیاں نکارا تے نادان ہاں میں
شکر ہے خدا دا جو انسان ہاں میں
میڈی خوش نصیبی اے وی ہے طالب
محمدؐ دا اُمتی مسلمان ہاں میں

محمد رمضان طالب ایم اے
صدر فرید سرائیکی سنگت ، مدیر اعلیٰ ماہنامہ فرید رنگ
بلاک نمبر 48 ڈیرہ غازی خان Ph:2465792

تاریخ ۱۷ جون 2007ء

عزیز القدر شیخ محمد اسلم خان ایڈووکیٹ ([illegible])

السلام علیکم ورحمۃ اللہ ۔ ڈو وچ ماہ سیاں دی خیر چاہندا ۔ کجھ ڈینہہ پہلے تہاڈی طرفوں ڈو سوکھڑیاں ملیاں ۔ یادگیری دا شکریہ ۔ ماشاء اللہ تہاڈیاں تے تحقیق ساڈی ماں بولی دے دامن تے تاریخی سرمایہ ہن ۔ اللہ تعالیٰ تہاکوں شاد آباد رکھے تے تہاڈے قلم کوں مزید ادبی خدمات واسطے متحرک رکھے جیویں جو تہاڈی تحقیق دی زیادہ ضرورت ہے ۔

گزشتہ ڈو مہینیاں توں ، اوندے دل دی تکلیف تے شوگر علالت دا باعث ہن ۔ میڈے واسطے دی دعا کرو ۔ جو اللہ تعالیٰ صحت ایمان بخشے تے نال تے بالخصوص [illegible] دے زمانے ۔

سکھ روز اوہو دا رہ ویندے ۔ اجیہا وقت گزر ویندے
سبھ طالب رب دے فضل کنوں ۔ دل دوستیں دا ڈر ویندے

ڈاڈھ [illegible] دے [illegible] دے [illegible] [illegible] ۔ دل دوستیں دا ڈر ویندے
ربیع الاول دی نسبت [illegible] تمام [illegible] نال [illegible] ۔ آپ اپنے دعائیں دے شکریے یاد رکھیسو ۔ والسلام [illegible]

مخلص
[illegible]

محمد رمضان طالب
21/06/07

بخدمت مکرم و محترم جناب محمد اسلم صاحب رسولپوری دام اقبالکم

